وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ ﴿79﴾

80. "And when I am ill, it is He Who cures me.
اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے ﴿80﴾
وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ﴿80﴾

81. "And Who will cause me to die, and then will bring me to life (again).
اور وہی مجھے موت دے گا، پھر مجھے زندہ کرے گا ﴿81﴾
وَالَّذِي يُمِيتُنِي ثُمَّ يُحْيِينِ ﴿81﴾

82. "And Who, I hope, will forgive me my faults on the Day of Recompense (the Day of Resurrection).
اور وہی جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ روز قیامت میری خطائیں بخش دے گا ﴿82﴾
وَالَّذِي أَطْمَعُ أَن يَغْفِرَ لِي خَطِيئَتِي يَوْمَ الدِّينِ ﴿82﴾

83. My Lord! Bestow *Hukm* (religious knowledge, right judgement of the affairs and Prophethood) on me, and join me with the righteous.
اے میرے رب! مجھے حکمت عطا فرما، اور مجھے صالحین کے ساتھ ملا ﴿83﴾
رَبِّ هَبْ لِي حُكْمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ﴿83﴾

84. And grant me an honourable mention in later generations.
اور بعد والوں میں میرا ذکر خیر جاری رکھ ﴿84﴾
وَاجْعَل لِّي لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْآخِرِينَ ﴿84﴾

85. And make me one of the inheritors of the Paradise of Delight.
اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں سے کر دے ﴿85﴾
وَاجْعَلْنِي مِن وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيمِ ﴿85﴾

86. And forgive my father, verily, he is of the erring.
اور میرے باپ کو بخش دے، بے شک وہ گمراہوں میں سے تھا ﴿86﴾
وَاغْفِرْ لِأَبِي إِنَّهُ كَانَ مِنَ الضَّالِّينَ ﴿86﴾

87. And disgrace me not on the Day when (all the creatures) will be resurrected.
اور جس دن وہ (لوگ دوبارہ) اٹھائے جائیں گے، مجھے رسوا نہ کرنا ﴿87﴾
وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ﴿87﴾

88. The Day whereon neither wealth nor sons will avail,
جس دن نہ مال کوئی نفع دے گا اور نہ اولاد ہی ﴿88﴾
يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ﴿88﴾

89. Except him who comes to Allāh with a clean heart [clean from *Shirk* (polytheism) and *Nifāq* (hypocrisy)]."
الا یہ کہ کوئی اللہ کے پاس (شرک و بدعت سے پاک) صحیح سالم دل کے ساتھ حاضر ہو ﴿89﴾
إِلَّا مَنْ أَتَى اللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿89﴾

90. And Paradise will be brought near to the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).
اور جنت متقین کے قریب کی جائے گی ﴿90﴾
وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿90﴾

91. And the (Hell) Fire will be placed in full view of the erring.

اور دوزخ کو گمراہوں کے لیے ظاہر ونمایاں کر دیا جائے گا﴿۹۱﴾

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿۹۱﴾

92. And it will be said to them: "Where are those (the false gods whom you used to set up as rivals with Allāh) that you used to worship.

اور ان سے کہا جائے گا: کہاں ہیں وہ جنھیں تم پوجتے تھے﴿۹۲﴾

وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾

93. "Instead of Allāh? Can they help you or (even) help themselves?"

اللہ کے سوا؟ کیا وہ تمھاری مدد کر سکتے ہیں یا وہ بدلہ لے سکتے ہیں؟﴿۹۳﴾

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ ؕ

94. Then they will be thrown on their faces into the (Fire), they and the *Ghāwūn* (devils, and those who were in error).

پھر وہ اور (سب) گمراہ اس جہنم میں اوندھے منہ ڈالے جائیں گے﴿۹۴﴾

فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾

95. And the whole hosts of *Iblīs* (Satan) together.

اور ابلیس کے سارے لشکر بھی﴿۹۵﴾

وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ ؕ

96. They will say while contending therein,

وہ کہیں گے جبکہ وہ وہاں جھگڑ رہے ہوں گے:﴿۹۶﴾

قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾

97. By Allāh, we were truly in a manifest error,

اللہ کی قسم! یقیناً ہم ہی کھلی گمراہی میں تھے﴿۹۷﴾

تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۷﴾

98. When we held you (false gods) as equals (in worship) with the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists);

جبکہ ہم تمھیں رب العالمین کے برابر ٹھہراتے تھے﴿۹۸﴾

اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۸﴾

99. And none has brought us into error except the *Mujrimūn* [*Iblīs* (Satan) and those of human beings who commit crimes, murderers, polytheists, oppressors].

اور ہمیں تو (انھی بڑے) مجرموں ہی نے بہکایا تھا﴿۹۹﴾

وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۹۹﴾

100. Now we have no intercessors,

تو (اب) ہمارے لیے کوئی سفارشی نہیں ہے﴿۱۰۰﴾

فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

101. Nor a close friend (to help us).

اور نہ کوئی مخلص دوست﴿۱۰۱﴾

وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾

102. (Alas!) If we only had a chance to return (to the world), we shall truly be among the believers!

کاش! پھر ہم ایک بار (دنیا میں) لوٹیں تو ہم مومنوں میں سے ہو جائیں﴿۱۰۲﴾

فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

103. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.

بے شک اس میں عظیم نشانی ہے۔ اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں﴿۱۰۳﴾

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

104. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

اور بے شک آپ کا رب وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا﴿۱۰۴﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ ع 5 36 9

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٠٥﴾

قوم نوح نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٠٥﴾

105. The people of Nûh (Noah) denied the Messengers.

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٠٦﴾

جب ان سے ان کے بھائی نوح نے کہا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟ ﴿١٠٦﴾

106. When their brother Nûh (Noah) said to them: "Will you not fear Allâh and obey Him?

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٠٧﴾

بے شک میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿١٠٧﴾

107. "I am a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٠٨﴾

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٠٨﴾

108. "So fear Allâh, keep your duty to Him, and obey me.

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠٩﴾

اور میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین ہی کے ذمے ہے ﴿١٠٩﴾

109. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islâmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Âlamîn* (mankind, jinn and all that exists).

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١١٠﴾

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١١٠﴾

110. "So keep your duty to Allâh, fear Him and obey me."

قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ﴿١١١﴾

انھوں نے کہا: کیا ہم تجھ پر ایمان لائیں، حالانکہ تیری پیروی تو رذیل لوگوں نے کی ہے ﴿١١١﴾

111. They said: "Shall we believe in you, when the meanest (of the people) follow you?"

قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٢﴾

نوح نے کہا: اور مجھے کیا معلوم جو وہ عمل کرتے رہے ہیں؟ ﴿١١٢﴾

112. He said: "And what knowledge have I of what they used to do?

إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي ۖ لَوْ تَشْعُرُونَ ﴿١١٣﴾

ان کا حساب تو میرے رب کے ذمے ہے اگر تم کچھ شعور رکھتے ہو ﴿١١٣﴾

113. "Their account is only with my Lord, if you could (but) know.

وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٤﴾

اور میں مومنوں کو دور کرنے والا نہیں ﴿١١٤﴾

114. "And I am not going to drive away the believers.

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿١١٥﴾

میں تو کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿١١٥﴾

115. "I am only a plain warner."

قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ﴿١١٦﴾

وہ بولے: اے نوح! اگر تو باز نہ آیا تو، تو سنگسار کیے گئے لوگوں میں سے ہوگا ﴿١١٦﴾

116. They said: "If you cease not, O Nûh (Noah) you will surely be among those stoned (to death)."

قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ﴿١١٧﴾

نوح نے کہا: اے میرے رب! بے شک میری قوم نے مجھے جھٹلایا ہے ﴿١١٧﴾

117. He said: "My Lord! Verily, my people have denied me.

فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾

لہٰذا تو میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما، اور مجھے اور جو میرے ہمراہ مومن ہیں ان کو نجات دے ﴿١١٨﴾

118. "Therefore judge You between me and them, and save me and those of the believers who are with me."

فَأَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١١٩﴾

چنانچہ ہم نے اسے اور جو (لوگ) بھری کشتی میں اس کے ساتھ تھے ان کو نجات دی ﴿١١٩﴾

119. And We saved him and those with him in the laden ship.

ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ ﴿١٢٠﴾

پھر اس کے بعد ہم نے باقی سب غرق کر دیے ﴿١٢٠﴾

120. Then We drowned the rest (disbelievers) thereafter.

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٢١﴾

بے شک اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر مومن نہیں ﴿١٢١﴾

121. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.

ع 6 18 10 وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٢٢﴾

اور بلاشبہ آپ کا رب، وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ﴿١٢٢﴾

122. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

كَذَّبَتْ عَادٌ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٢٣﴾

(قوم) عاد نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٢٣﴾

123. 'Ād (people) denied the Messengers.

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ هُودٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٢٤﴾

جب ان کے بھائی ہود نے کہا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿١٢٤﴾

124. When their brother Hūd said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٢٥﴾

بے شک میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿١٢٥﴾

125. "Verily, I am a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٢٦﴾

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٢٦﴾

126. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٢٧﴾

اور میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین ہی کے ذمے ہے ﴿١٢٧﴾

127. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists).

أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ ﴿١٢٨﴾

کیا تم ہر اونچی جگہ پر بطور کھیل تماشا یادگاریں بناتے ہو؟ ﴿١٢٨﴾

128. "Do you build high palaces on every high place, while you do not live in them?

وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ﴿١٢٩﴾

اور تم مضبوط محل بناتے ہو، شاید تم ہمیشہ (یہیں) رہو گے ﴿١٢٩﴾

129. "And do you get for yourselves palaces (fine buildings) as if you will live therein forever?[1]

وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿١٣٠﴾

اور جب تم (کسی پر) ہاتھ ڈالتے ہو تو سرکش بن کر ہی ہاتھ ڈالتے ہو ﴿١٣٠﴾

130. "And when you seize (somebody), seize you (him) as tyrants?

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٣١﴾

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٣١﴾

131. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

وَاتَّقُوا الَّذِي أَمَدَّكُم بِمَا تَعْلَمُونَ ﴿١٣٢﴾

اور تم اس ذات سے ڈرو جس نے تمھیں ان چیزوں میں بڑھایا (امداد دی) ہے جو تم جانتے ہو ﴿١٣٢﴾

132. "And keep your duty to Him, fear Him Who has aided you with all (good things) that you know.

أَمَدَّكُم بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ ﴿١٣٣﴾

اس نے تمھیں بڑھایا ہے مویشیوں اور بیٹوں میں ﴿١٣٣﴾

133. "He has aided you with cattle and children.

وَجَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٣٤﴾

اور باغوں اور چشموں میں ﴿١٣٤﴾

134. "And gardens and springs.

إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٣٥﴾

بلاشبہ میں تم پر یوم عظیم کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿١٣٥﴾

135. "Verily, I fear for you the torment of a Great Day."

---

[1] (V.26:129) See the footnote (c) of (V.9:111).

136. "They said: "It is the same to us whether you preach or be not of those who preach.

انھوں نے کہا: ہمارے لیے برابر ہے، خواہ تو وعظ ونصیحت کرے یا نصیحت کرنے والوں میں سے نہ ہو ۱۳۶

قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُنْ مِنَ الْوَاعِظِينَ ١٣٦

137. "This is no other than the false tales and religion of the ancients, (*Tafsir At-Tabarī*)

اور یہ تو پہلوں ہی کی عادت ہے ۱۳۷

إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ ١٣٧

138. "And we are not going to be punished."

اور ہم عذاب دیے جانے والے نہیں ۱۳۸

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ١٣٨

139. So they denied him, and We destroyed them. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.

پھر انھوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے انھیں ہلاک کر دیا، بلاشبہ اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ۱۳۹

فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنَاهُمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ١٣٩

ع 7 18 11

140. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

اور بے شک آپ کا رب وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ۱۴۰

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ١٤٠

141. Thamūd (people) denied the Messengers.

(قوم) ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا ۱۴۱

كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ ١٤١

142. When their brother Sālih said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?

جب ان کے بھائی صالح نے ان سے کہا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟ ۱۴۲

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ١٤٢

143. "I am a trustworthy Messenger to you.

بلاشبہ میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ۱۴۳

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ١٤٣

144. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ۱۴۴

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ١٤٤

145. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

اور میں اس (تبلیغ) پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمے ہے ۱۴۵

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ١٤٥

146. "Will you be left secure in that which you have here?

کیا تمھیں یہاں کی چیزوں میں پرامن چھوڑ دیا جائے گا ۱۴۶

أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَاهُنَا آمِنِينَ ١٤٦

147. "In gardens and springs.

(یعنی) باغوں اور چشموں میں ۱۴۷

فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ١٤٧

148. "And green crops (field) and date palms with soft spadix.

اور کھیتوں اور کھجوروں میں جن کے خوشے نرم و نازک ہیں ۱۴۸

وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ١٤٨

149. "And you hew out in the mountains, houses with great skill.

اور تم اتراتے ہوئے پہاڑوں سے گھر تراشتے ہو ۱۴۹

وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَرِهِينَ ١٤٩

150. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

چنانچہ تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ۱۵۰

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ١٥٠

151. "And follow not the command of *Al-Musrifūn* (i.e. their chiefs, leaders who were

اور تم حد سے بڑھنے والوں کے حکم کی اطاعت نہ کرو ۱۵۱

وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ١٥١

English	Urdu	Arabic
polytheists, criminals and sinners),		
152. "Who make mischief in the land, and reform not."	جو زمین میں فساد کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے ﴿152﴾	الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ﴿152﴾
153. They said: "You are only of those bewitched!	انھوں نے کہا: بس تو سحر زدہ لوگوں میں سے ہے ﴿153﴾	قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ﴿153﴾
154. "You are but a human being like us. Then bring us a sign if you are of the truthful."	تو ہماری طرح ایک بشر ہی تو ہے، لہٰذا اگر تو سچوں میں سے ہے تو کوئی نشانی (معجزہ) لے آ ﴿154﴾	مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا فَأْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿154﴾
155. He said: "Here is a she-camel: it has a right to drink (water), and you have a right to drink (water) (each) on a day, known.	صالح نے کہا: یہ اونٹنی (معجزہ) ہے، (ایک دن) اس کی پینے کی باری ہے اور ایک مقرر دن تمھاری پینے کی باری ہے ﴿155﴾	قَالَ هَٰذِهِ نَاقَةٌ لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَعْلُومٍ ﴿155﴾
156. "And touch her not with harm, lest the torment of a Great Day should seize you."	اور اسے بری نیت سے نہ چھونا ورنہ تمھیں بہت بڑے دن کا عذاب آ پکڑے گا ﴿156﴾	وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿156﴾
157. But they killed her, and then they became regretful.	چنانچہ انھوں نے اس کی ٹانگیں کاٹ ڈالیں، پھر وہ نادم ہوئے ﴿157﴾	فَعَقَرُوهَا فَأَصْبَحُوا نَادِمِينَ ﴿157﴾
158. So, the torment overtook them. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.	تو انھیں عذاب نے آ پکڑا، بے شک اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ﴿158﴾	فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿158﴾
159. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.	اور بے شک آپ کا رب وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ﴿159﴾	وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿159﴾ ع 8 19 12
160. The people of Lūt (Lot) (—who dwelt in the towns of Sodom in Palestine) denied the Messengers.	قومِ لوط نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿160﴾	كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ الْمُرْسَلِينَ ﴿160﴾
161. When their brother Lūt (Lot) said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?	جب ان سے ان کے بھائی لوط نے کہا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟ ﴿161﴾	إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ لُوطٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿161﴾
162. "Verily, I am a trustworthy Messenger to you.	بلاشبہ میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿162﴾	إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿162﴾
163. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿163﴾	فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿163﴾
164. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).	اور میں اس (تبلیغ) پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمے ہے ﴿164﴾	وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿164﴾

English	Urdu	Arabic
165. "Go you into the males of the *'Ālamīn* (mankind),	کیا تم (جنسی تسکین کی خاطر) جہان کے مردوں کے پاس آتے ہو؟ ⑯⑤	أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِينَ ⑯⑤
166. "And leave those whom Allāh has created for you to be your wives? Nay, you are a trespassing people!"	اور تم اپنی بیویاں چھوڑ دیتے ہو جنھیں تمھارے رب نے تمھارے لیے پیدا کیا ہے؟ بلکہ تم لوگ حد سے گزرنے والے ہو ⑯⑥	وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُونَ ⑯⑥
167. They said: "If you cease not. O Lūt (Lot)! Verily, you will be one of those who are driven out!"	انھوں نے کہا: اے لوط! اگر تو باز نہ آیا تو یقیناً تو نکالے جانے والوں میں سے ہوگا ⑯⑦	قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يٰلُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ ⑯⑦
168. He said: "I am indeed of those who disapprove with severe anger and fury your (this evil) action (of sodomy).	لوط نے کہا: بے شک میں تمھارے (خلاف فطرت) عمل سے دشمنی رکھنے والوں میں سے ہوں ⑯⑧	قَالَ إِنِّي لِعَمَلِكُمْ مِنَ الْقَالِينَ ⑯⑧
169. "My Lord! Save me and my family from what they do."	اے میرے رب! تو مجھے اور میرے اہل کو اس عمل (کے وبال) سے نجات دے جو وہ کرتے ہیں ⑯⑨	رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ ⑯⑨
170. So, We saved him and his family, all,	چنانچہ ہم نے اسے اور اس کے سب اہل کو نجات دی ⑰⓪	فَنَجَّيْنٰهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ⑰⓪
171. Except an old woman (his wife) among those who remained behind.	سوائے ایک بڑھیا کے (جو) پیچھے رہنے والوں میں سے تھی ⑰①	إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغٰبِرِينَ ⑰①
172. Then afterward We destroyed the others.	پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ⑰②	ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ⑰②
173. And We rained on them a rain (of torment). And how evil was the rain of those who had been warned!	اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) سخت بارش برسائی، چنانچہ ڈرائے گئے لوگوں پر (برسائی گئی) بدترین بارش تھی ⑰③	وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا ۖ فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ ⑰③
174. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.	بے شک اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ⑰④	إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ⑰④
175. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.	اور بے شک آپ کا رب وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ⑰⑤	وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ⑰⑤ ع 16 9 13
176. The dwellers of Al-Aikah [near Madyan (Midian)] denied the Messengers.	اصحاب ایکہ نے رسولوں کو جھٹلایا ⑰⑥	كَذَّبَ أَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِينَ ⑰⑥
177. When Shu'aib said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?	جب ان سے شعیب نے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ ⑰⑦	إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ ⑰⑦
178. "I am a trustworthy Messenger to you.	بے شک میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ⑰⑧	إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ⑰⑧
179. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ⑰⑨	فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُونِ ⑰⑨

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾

اور میں اس (تبلیغ) پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمے ہے ﴿۱۸۰﴾

180. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾

تم ماپ پورا پورا کرو، اور خسارہ دینے والوں سے نہ بنو ﴿۱۸۱﴾

181. "Give full measure, and cause no loss (to others).

وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾

اور تم بالکل سیدھی ترازو سے تولو ﴿۱۸۲﴾

182. "And weigh with the true and straight balance.

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

اور تم لوگوں کو ان کی اشیاء کم نہ دو، اور نہ تم زمین میں فساد کرتے ہوئے دوڑو ﴿۱۸۳﴾

183. "And defraud not people by reducing their things, nor do evil, making corruption and mischief in the land.

وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾

اور اس (اللہ) سے ڈرو جس نے تمھیں اور پہلی مخلوق کو پیدا کیا ﴿۱۸۴﴾

184. "And fear Him Who created you and the generations of the men of old."

قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾

انھوں نے کہا: بس تو سحر زدہ (لوگوں) میں سے ہے ﴿۱۸۵﴾

185. They said: "You are only one of those bewitched!

وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾

اور تو ہماری طرح بشر ہی تو ہے، اور ہم تجھے بلاشبہ جھوٹوں میں خیال کرتے ہیں ﴿۱۸۶﴾

186. "You are but a human being like us and verily, we think that you are one of the liars!

فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾

لہٰذا اگر تو سچوں میں سے ہے تو ہم پر آسمان سے ایک ٹکڑا گرا دے ﴿۱۸۷﴾

187. "So, cause pieces of the heaven to fall on us, if you are of the truthful!"

قَالَ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾

شعیب نے کہا: میرا رب خوب جانتا ہے جو تم عمل کرتے ہو ﴿۱۸۸﴾

188. He said: "My Lord is the Best Knower of what you do."

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾

چنانچہ انھوں نے اسے (شعیب کو) جھٹلایا، تو انھیں سائے والے دن کے عذاب نے آن پکڑا، بے شک وہ بہت بڑے دن کا عذاب تھا ﴿۱۸۹﴾

189. But they denied him, so the torment of the Day of Shadow (a gloomy cloud) seized them. Indeed that was the torment of a Great Day.

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾

بلاشبہ اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ﴿۱۹۰﴾

190. Verily in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.

ع 10 16 14 وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾

اور بے شک آپ کا رب، وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ﴿۱۹۱﴾

191. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾

اور بلاشبہ یہ (قرآن) رب العالمین کا نازل کردہ ہے ﴿۱۹۲﴾

192. And truly, this (the Qur'ân) is a revelation from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists),

نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾

روح الامین (جبریل) اسے لے کر نازل ہوا ﴿۱۹۳﴾

193. Which the trustworthy *Rūh* [Jibrāīl (Gabriel)] has brought down

عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿١٩٤﴾

آپ کے دل پر، تاکہ آپ ڈرانے والوں میں سے ہوں ﴿194﴾

194. Upon your heart (O Muhammad ﷺ) that you may be (one) of the warners,

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿١٩٥﴾

فصیح عربی زبان میں ﴿195﴾

195. In the plain Arabic language.

وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٩٦﴾

اور بلاشبہ وہ (قرآن کا ذکر) پہلی کتابوں میں بھی ہے ﴿196﴾

196. And verily, it (the Qur'ān, and its revelation to Prophet Muhammad ﷺ) is (announced) in the Scriptures [i.e. the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] of former people.

اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٩٧﴾

کیا ان کے لیے یہ ایک نشانی (کافی) نہیں کہ بنی اسرائیل کے علماء بھی اس (قرآن یا صاحب قرآن) کو جانتے ہیں① ﴿197﴾

197. Is it not a sign to them that the learned scholars (like 'Abdullāh bin Salām رضي الله عنه who embraced Islām)[1] of the Children of Israel knew it (as true)?

وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿١٩٨﴾

اگر ہم اس (قرآن) کو کسی عجمی پر نازل کرتے ﴿198﴾

198. And if We had revealed it (this Qur'ān) to any of the non-Arabs,

فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٩﴾

پھر وہ اسے ان پر پڑھتا، (تو بھی) وہ اس پر ایمان نہ لاتے ﴿199﴾

199. And he had recited it to them, they would not have believed in it.

كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٠٠﴾

اسی طرح ہم نے اس (تکذیب) کو مجرموں کے دلوں میں داخل کر دیا ہے ﴿200﴾

200. Thus have We caused it (the denial of the Qur'ān) to enter the hearts of the *Mūjrimūn* (criminals, polytheists, sinners).

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٢٠١﴾

وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے حتی کہ وہ دردناک عذاب دیکھ لیں ﴿201﴾

201. They will not believe in it until they see the painful torment.

فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾

چنانچہ وہ ان پر اچانک آپڑے گا جبکہ انھیں خبر تک نہ ہوگی ﴿202﴾

202. It shall come to them of a sudden, while they perceive it not.

فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾

پھر وہ کہیں گے: کیا ہمیں (کچھ) مہلت مل سکتی ہے؟ ﴿203﴾

203. Then they will say: "Can we be respited?"

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٢٠٤﴾

کیا وہ لوگ ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں؟ ﴿204﴾

204. Would they then wish for Our torment to be hastened on?

اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿٢٠٥﴾

بھلا آپ دیکھیں تو! اگر ہم انھیں کئی برس (دنیا کا) فائدہ دیں ﴿205﴾

205. Think, (even) if We do let them enjoy for years,

ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾

پھر وہ (عذاب) ان پر آجائے جس سے انھیں ڈرایا دھمکایا جا رہا ہے ﴿206﴾

206. And afterwards comes to them that (punishment) which they had been promised,

---

[1] (V.26:197) See the footnote of (V.5:66) [The story about 'Abdullāh bin Salām رضي الله عنه].

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ مائدہ: 66/5) عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا قصہ۔

مَآ أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا۟ يُمَتَّعُونَ ﴿٢٠٧﴾	تو جس (سامانِ عیش) سے وہ مزے اڑا رہے تھے ان کے کچھ کام نہ آئے گا ﴿٢٠٧﴾	**207.** All that with which they used to enjoy shall not avail them.
وَمَآ أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ ﴿٢٠٨﴾	اور ہم نے جس بستی کو بھی ہلاک کیا، تو (پہلے) اس کے لیے ڈرانے والے (بھیجے) تھے ﴿٢٠٨﴾	**208.** And never did We destroy a township but it had its warners
ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَٰلِمِينَ ﴿٢٠٩﴾	یاددہانی کے لیے، اور ہم ظالم نہیں ہیں ﴿٢٠٩﴾	**209.** By way of reminder, and We have never been unjust.
وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ ٱلشَّيَٰطِينُ ﴿٢١٠﴾	اور شیاطین اس (قرآن) کو لے کر نازل نہیں ہوئے ﴿٢١٠﴾	**210.** And it is not the *Shayātīn* (devils) who have brought it (this Qur'ān) down.
وَمَا يَنۢبَغِى لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ﴿٢١١﴾	اور نہ یہ ان کے لائق ہے اور نہ وہ اس کی استطاعت ہی رکھتے ہیں ﴿٢١١﴾	**211.** Neither would it suit them nor they can (produce it).
إِنَّهُمْ عَنِ ٱلسَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ ﴿٢١٢﴾	بلاشبہ وہ تو اس کے سننے سے بھی دور رکھے گئے ہیں ﴿٢١٢﴾	**212.** Verily, they have been removed far from hearing it.
فَلَا تَدْعُ مَعَ ٱللَّهِ إِلَٰهًا ءَاخَرَ فَتَكُونَ مِنَ ٱلْمُعَذَّبِينَ ﴿٢١٣﴾	چنانچہ (اے نبی!) آپ اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو مت پکاریں ورنہ آپ عذاب پانے والوں میں ہوں گے ﴿٢١٣﴾	**213.** So, invoke not with Allāh another *ilāh* (god) lest you should be among those who receive punishment.
وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ ٱلْأَقْرَبِينَ ﴿٢١٤﴾	اور آپ اپنے قریبی رشتے داروں کو ڈرائیں① ﴿٢١٤﴾	**214.** And warn your tribe (O Muhammad ﷺ) of near kindred.[1]
وَٱخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ ٱتَّبَعَكَ مِنَ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٢١٥﴾	اور جو مومنوں میں سے آپ کی اتباع کریں، ان کے لیے اپنے (مشفقانہ) بازو جھکائے رکھیں ﴿٢١٥﴾	**215.** And be kind and humble to the believers who follow you.
فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّى بَرِىٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٢١٦﴾	پھر اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو کہہ دیجیے: بلاشبہ تم جو کچھ کر رہے ہو، میں اس سے بری ہوں ﴿٢١٦﴾	**216.** Then if they disobey you, say: "I am innocent of what you do."
وَتَوَكَّلْ عَلَى ٱلْعَزِيزِ ٱلرَّحِيمِ ﴿٢١٧﴾	اور آپ (اللہ) غالب (اور) مہربان پر توکل رکھیں ﴿٢١٧﴾	**217.** And put your trust in the All-Mighty, the Most Merciful,

[1] (V.26:214) Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: When the Verse: "And warn your tribe (O Muhammad ﷺ) of near kindred." was revealed, Allāh's Messenger ﷺ went out, and when he had ascended As-Safa mountain, he shouted, "*Ya Sabāhāh*!*" The people said, "Who is that?" Then they gathered around him, whereupon he said, "Do you see? If I inform you that cavalrymen are proceeding up the side of this mountain, will you believe me?" They said, "We have never heard you telling a lie." Then he said, "I am a plain warner to you of a coming severe punishment." Abū Lahab said: "May you perish! You gathered us only for this reason?" Then Abū Lahab went away. So *Sūrat Al-Masad* "Perish the hands of Abu Lahab!" (V.111:1) was revealed. [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4971 (O.P.495)]

* "*Ya Sabāhāh*!" is an Arabic expression used when one appeals for help or draws the attention of others to some danger.

① حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: جب قرآن کریم کی یہ آیت نازل ہوئی تو رسول کریم ﷺ نکلے اور کوہ صفا پر چڑھ گئے اور بلند آواز سے پکارا: [يَا صَبَاحَاهُ!] ''لوگو! ہوشیار ہو جاؤ!'' (مکے کے) لوگ کہنے لگے: یہ کون ہے؟ پھر وہ نبی کریم ﷺ کے پاس آ کر جمع ہو گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''بتاؤ! اگر میں تمھیں یہ بتاؤں کہ دشمن کے سوار اس پہاڑ کے دامن سے نکل کر تم پر حملہ کرنے والے ہیں تو کیا تم مجھے سچا جانو گے؟'' لوگوں نے کہا: ہم نے آپ کو کبھی جھوٹ بولتے نہیں سنا۔ (اسی وجہ سے آپ کو ''امین'' اور ''صادق'' کا لقب دے رکھا ہے) نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''تو میں تمھیں اس عذاب سے ڈرانے والا ہوں جو تمہارے سامنے موجود ہے۔'' (اس پر) ابولہب کہنے لگا: تو ہلاک ہو جائے! تو نے ہمیں اسی لیے جمع کیا تھا؟ پھر ابولہب واپس چلا گیا۔ اس پر سُورَةُ اللَّهَب نازل ہوئی۔ (صحيح البخاري، التفسير، باب:1، حديث:4971) [يَا صَبَاحَاهُ!] اہل عرب یہ لفظ کسی مصیبت، آفت کی صورت میں لوگوں کو مدد کے لیے پکارنے یا انہیں کسی خطرہ سے خبردار کرنے کے لیے بولا کرتے تھے۔

الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾

جو آپ کو دیکھتا ہے جب آپ (اکیلے نماز میں) قیام کرتے ہیں ﴿۲۱۸﴾

218. Who sees you (O Muhammad ﷺ) when you stand up (alone at night for *Tahajjud* prayers).

وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾

اور آپ کی نقل وحرکت کو سجدہ کرنے والوں میں بھی (دیکھتا ہے) ﴿۲۱۹﴾

219. And your movements among those who fall prostrate (to Allāh in the five compulsory congregational prayers).

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾

بلاشبہ وہی خوب سننے والا، بڑا جاننے والا ہے ﴿۲۲۰﴾

220. Verily, He, only He, is the All-Hearer, the All-Knower.

هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾

کیا میں تمھیں بتاؤں کس پر شیاطین نازل ہوتے ہیں؟ ﴿۲۲۱﴾

221. Shall I inform you (O people!) upon whom the *Shayātin* (devils) descend?

تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾

وہ ہر جھوٹ گھڑنے والے، گناہ گار پر نازل ہوتے ہیں ﴿۲۲۲﴾

222. They descend on every lying, sinful person.

يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾

جو (شیطانوں کی طرف) کان لگاتے ہیں اور ان کے اکثر جھوٹے ہیں ﴿۲۲۳﴾

223. Who gives ear (to the devils and they pour what they may have heard of the Unseen from the angels), and most of them are liars.

وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾

اور شاعروں کی پیروی گمراہ (لوگ) ہی کرتے ہیں ﴿۲۲۴﴾

224. As for the poets, the erring ones follow them,

اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿۲۲۵﴾

کیا آپ نے دیکھا نہیں کہ بلاشبہ وہ (خیال کی) ہر وادی میں بھٹکتے پھرتے ہیں ﴿۲۲۵﴾

225. See you not that they speak about every subject (praising people — right or wrong) in their poetry?

وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۲۲۶﴾

اور بلاشبہ وہ (ایسی باتیں) کہتے ہیں، جو کرتے نہیں ﴿۲۲۶﴾

226. And that they say what they do not do.

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ
مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْۤا اَيَّ
مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿۲۲۷﴾ ع 11 36 15

سوائے ان کے جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، اور اللہ کا بکثرت ذکر کیا، اور جب ان پر ظلم ہوا تو اس کے بعد انھوں نے بدلہ لیا، اور ظالم لوگ جلد جان لیں گے کہ کون سی پلٹنے کی (خوفناک) جگہ وہ پلٹیں گے ﴿۲۲۷﴾

227. Except those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do righteous deeds, and remember Allāh much and vindicate themselves after they have been wronged [by replying back in poetry to the unjust poetry (which the pagan poets utter against the Muslims)]. And those who do wrong will come to know by what overturning they will be overturned.

Sūrat An-Naml (The Ants) 27

سورۂ نمل

93 (27) سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ (48) 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱﴾

طٰس، یہ قرآن اور واضح کتاب کی آیات ہیں ﴿۱﴾

1. *Tā-Sīn.*

[These letters are one of the miracles of the Qur'ân, and none but Allâh (Alone) knows their meanings.]
These are the Verses of the Qur'ân, and (it is) a Book (that makes things) clear;

هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ②

(یہ) ہدایت اور بشارت ہے (ان) مومنوں کے لیے ②

2. A guide (to the Right Path) and glad tidings for the believers [who believe in the Oneness of Allâh (i.e. Islâmic Monotheism)].

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ③

جو نماز قائم کرتے ہیں، اور زکاۃ دیتے ہیں، اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں ③

3. Those who perform *As-Salât* (the prayers) and give *Zakât* (obligatory charity) and they believe with certainty in the Hereafter (resurrection, recompense of their good and bad deeds, Paradise and Hell).

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ④

بلاشبہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، ہم نے ان کے لیے ان کے اعمال پرکشش بنا دیے ہیں، لہٰذا وہ بھٹکتے پھرتے ہیں ④

4. Verily, those who believe not in the Hereafter, We have made their deeds fair-seeming to them, so that they wander about blindly.

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ⑤

وہی لوگ ہیں جن کے لیے برا عذاب ہے اور آخرت میں بھی وہی زیادہ خسارے میں ہوں گے ⑤

5. They are those for whom there will be an evil torment (in this world). And in the Hereafter they will be the greatest losers.

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ⑥

اور (اے نبی!) بلاشبہ آپ کو تو ایک کمال حکمت والے، خوب جاننے والے کی طرف سے یہ قرآن سکھایا جاتا ہے ⑥

6. And verily, you (O Muhammad ﷺ) are being taught the Qur'ân from One, All-Wise, All-Knowing.

اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ⑦

(وہ وقت یاد کریں) جب موسیٰ نے اپنی اہلیہ سے کہا: بے شک میں نے آگ دیکھی ہے، میں ابھی تمھارے پاس وہاں سے کوئی خبر یا سلگتا انگارا لاؤں گا، تاکہ تم تاپو ⑦

7. (Remember) when Mûsâ (Moses) said to his household: "Verily, I have seen a fire; I will bring you from there some information, or I will bring you a burning brand, that you may warm yourselves."

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑧

چنانچہ جب موسیٰ اس (آگ) کے پاس پہنچا تو اسے آواز دی گئی کہ مبارک ہے وہ جو اس آگ (نور) میں ہے اور جو اس کے آس پاس ہے، اور اللہ رب العالمین پاک ہے ⑧

8. But when he came to it, he was called: "Blessed is whosoever is in the fire, and whosoever is round about it! And Glorified is Allâh, the Lord of the *'Âlamîn* (mankind, jinn and all that exists).

يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑨

اے موسیٰ! بلاشبہ وہ میں ہی اللہ ہوں، نہایت غالب، خوب حکمت والا ⑨

9. "O Mûsâ (Moses)! Verily, it is I, Allâh, the All-Mighty, the All-Wise.

10. "And throw down your stick!" But when he saw it moving as if it were a snake, he turned in flight, and did not look back. (It was said:) "O Mūsā (Moses)! Fear not: verily, the Messengers fear not in front of Me.

اور اپنا عصا ڈال دے، چنانچہ جب (موسیٰ نے عصا ڈالا اور) اسے دیکھا کہ وہ حرکت کر رہا ہے گویا کہ وہ سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر پلٹا اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا، (اللہ نے فرمایا:) اے موسیٰ! مت ڈر، بلاشبہ میرے حضور میں رسول ڈرا نہیں کرتے ⑩

وَأَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّىٰ مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ ۚ يَا مُوسَىٰ لَا تَخَفْ إِنِّي لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُونَ ⑩

11. "Except him who has done wrong and afterwards has changed evil for good; then surely, I am Oft-Forgiving, Most Merciful.

مگر جس نے ظلم کیا، پھر اس نے برائی کے بعد (برے اعمال کو) بدل کر نیکی کی، تو بلاشبہ میں بڑا بخشن ہار، نہایت مہربان ہوں ⑪

إِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوءٍ فَإِنِّي غَفُورٌ رَحِيمٌ ⑪

12. "And put your hand into your bosom, it will come forth white without hurt. (These are) among the nine signs (you will take) to Fir'aun (Pharaoh) and his people. Verily, they are a people who are *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں داخل کر، وہ سفید (چمکتا ہوا) بے عیب نکلے گا، یہ ان نو نشانیوں (معجزات) میں سے ہے (جن کے ساتھ تمھیں) فرعون اور اس کی قوم کی طرف (بھیجا گیا ہے۔) بے شک وہ نافرمان لوگ ہیں ⑫

وَأَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ ۖ فِي تِسْعِ آيَاتٍ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهِ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ⑫

13. But when Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) came to them, clear to see, they said: "This is a manifest magic."

پھر جب ان کے پاس ہمارے واضح روشن معجزات پہنچے تو انھوں نے کہا: یہ تو کھلا جادو ہے ⑬

فَلَمَّا جَاءَتْهُمْ آيَاتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ مُبِينٌ ⑬

14. And they denied them (those *Ayāt*) wrongfully and arrogantly, though their ownselves were convinced thereof [i.e. those (*Ayāt*) are from Allāh, and Mūsā (Moses) is the Messenger of Allāh in truth, but they disliked to obey Mūsā (Moses), and hated to believe in his Message of Monotheism]. So, see what was the end of the *Mufsidūn* (disbelievers, evildoers, liars and disobedient to Allāh).

اور انھوں نے ظلم اور تکبر کی وجہ سے ان کا انکار کر دیا، جبکہ ان کے دلوں نے ان کا یقین کر لیا تھا۔ پھر دیکھیے فسادیوں کا انجام کیسا ہوا؟ ⑭

وَجَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَعُلُوًّا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ⑭ ع 1 14 16

15. And indeed We gave knowledge to Dāwūd (David) and Sulaimān (Solomon), and they both said: "All praise and thanks are Allāh's, Who has preferred us above many of His believing slaves!"

اور بلاشبہ ہم نے داود اور سلیمان کو (خاص) علم دیا تھا، اور ان دونوں نے کہا: تمام حمد اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر فضیلت دی ⑮

وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا ۖ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي فَضَّلَنَا عَلَىٰ كَثِيرٍ مِنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ ⑮

16. And Sulaimān (Solomon) inherited (the knowledge of) Dāwūd (David). He said: "O

اور داود کا وارث سلیمان بنا اور اس نے کہا: اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے، اور ہمیں

وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُودَ ۖ وَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَأُوتِينَا

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ۖ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِينُ ⑯

ہر چیز دی گئی ہے، بلاشبہ یہ تو صاف صاف (اللہ کا) فضل ہے⑯

mankind! We have been taught the language of birds, and on us have been bestowed all things. This, verily, is an evident grace (from Allāh)."

وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوزَعُونَ ⑰

اور سلیمان کے پاس اس کے سارے لشکر، جنوں، انسانوں اور پرندوں میں سے جمع کیے گئے، پھر وہ الگ الگ تقسیم کیے جاتے تھے⑰

17. And there were gathered before Sulaimân (Solomon) his hosts of jinn and men, and birds, and they all were set in battle order (marching forward).

حَتَّىٰ إِذَا أَتَوْا عَلَىٰ وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ⑱

حتی کہ جب وہ چیونٹیوں کی وادی میں پہنچے، تو ایک چیونٹی نے کہا: اے چیونٹیو! تم اپنے بلوں میں داخل ہو جاؤ، کہیں سلیمان اور اس کے لشکر تمھیں کچل نہ ڈالیں، جبکہ وہ (اس کا) شعور بھی نہ رکھتے ہوں⑱

18. Till, when they came to the valley of the ants, one of the ants said: "O ants! Enter your dwellings, lest Sulaimân (Solomon) and his hosts should crush you, while they perceive not."

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ ⑲

چنانچہ سلیمان اس (چیونٹی) کی بات پر مسکرا کر ہنس دیا اور کہا: اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر انعام کی ہے، اور اس بات کی بھی کہ میں ایسے نیک کام کروں جو تو پسند کرے، اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل کر⑲

19. So he [Sulaimân (Solomon)] smiled, amused at her speech[1] and said: "My Lord! Grant me the power and ability that I may be grateful for Your Favours which You have bestowed on me and on my parents, and that I may do righteous good deeds that will please You, and admit me by Your Mercy among Your righteous slaves."

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ ⑳

اور اس نے پرندوں کا جائزہ لیا تو کہا: کیا بات ہے کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھ رہا ہوں؟ (کیا وہ موجود ہے) یا وہ غیر حاضروں میں ہے؟⑳

20. He inspected the birds, and said: "What is the matter that I see not the hoopoe? Or is he among the absentees?

لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ لَأَذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ㉑

(یہی بات ہے تو) میں اسے ضرور سخت سزا دوں گا، یا اسے ذبح ہی کر دوں گا یا وہ میرے پاس کوئی واضح دلیل لائے㉑

21. "I will surely punish him with a severe torment or slaughter him, unless he brings me a clear reason."

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطْتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ ㉒

ابھی کوئی زیادہ دیر نہیں ٹھہرا تھا کہ (ہدہد آ گیا اور) اس نے کہا: میں نے (وہ کچھ) جان لیا ہے جس کے بارے میں آپ نہیں جانتے، اور میں آپ کے پاس سبا سے ایک سچی خبر لایا ہوں㉒

22. But the hoopoe stayed not long, he (came up and) said: "I have grasped (the knowledge of a thing) which you have not grasped and I have come to you from Saba' (Sheba) with true news.

إِنِّي وَجَدْتُ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَأُوتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ ㉓

بلاشبہ میں نے دیکھا کہ ایک عورت ان پر حکومت کرتی ہے، اور اسے (ضرورت کی) ہر چیز عطا کی گئی

23. "I found a woman ruling over them, she has been given all things that could be possessed by

[1] (V.27:19) See the footnote of (V.6:143).

ہے، اور اس کا تخت عظیم الشان ہے (23)

any ruler of the earth, and she has a great throne.

وَجَدْتُهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُونَ (24)

میں نے اسے اور اس کی قوم کو دیکھا کہ وہ اللہ کے سوا سورج کو سجدہ کرتے ہیں، اور شیطان نے ان کے اعمال ان کے لیے پرکشش بنا دیے ہیں، پھر انھیں راہ (حق) سے روک دیا ہے، چنانچہ وہ ہدایت نہیں پاتے (24)

24. "I found her and her people worshipping the sun instead of Allāh, and *Shaitān* (Satan) has made their deeds fair-seeming to them, and has barred them from (Allāh's) way, so they have no guidance."

أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ (25)

یہ کہ وہ اس اللہ کو سجدہ کریں جو آسمانوں اور زمین میں چھپی چیزیں نکالتا ہے، اور وہ (سب کچھ) جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو (25)

25. [As *Shaitān* (Satan) has barred them from Allāh's way] so they do not worship (prostrate themselves before) Allāh, Who brings to light what is hidden in the heavens and the earth, and knows what you conceal and what you reveal. (*Tafsir At-Tabarī*)

السجدة

اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۩ (26)

اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی بہت بڑے عرش کا مالک ہے (26)

26. Allāh, *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He), the Lord of the Supreme Throne!*

قَالَ سَنَنْظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ (27)

سلیمان نے کہا: ہم جلد ہی دیکھیں گے آیا تو نے سچ کہا یا تو جھوٹوں میں سے ہے (27)

27. [Sulaimān (Solomon)] said: "We shall see whether you speak the truth or you are (one) of the liars.

اذْهَبْ بِكِتَابِي هَٰذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ (28)

میرا یہ خط لے جا اور اسے ان کی طرف ڈال دے، پھر ان سے ہٹ (کر بیٹھ) جا، سو دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں (28)

28. "Go you with this letter of mine and deliver it to them, then draw back from them and see what (answer) they return."

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ إِنِّي أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتَابٌ كَرِيمٌ (29)

بلقیس نے کہا: اے سردارو! بلاشبہ میری طرف ایک گرامی نامہ ڈالا گیا ہے (29)

29. She said: "O chiefs! Verily, here is delivered to me a noble letter,

إِنَّهُ مِنْ سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ (30)

بے شک وہ سلیمان کی طرف سے ہے، اور بے شک اس کا آغاز اللہ کے نام سے ہے جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے (30)

30. "Verily, it is from Sulaimān (Solomon), and verily, it (reads): In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful;

أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ (31) ع 17 17

یہ کہ تم میرے مقابلے میں سرکشی نہ کرو، اور فرماں بردار ہو کر میرے پاس چلے آؤ (31)

31. "Be you not exalted against me, but come to me as Muslims (true believers who submit to Allāh with full submission).' "

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي أَمْرِي مَا كُنْتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتَّىٰ تَشْهَدُونِ (32)

بلقیس نے کہا: اے سردارو! میرے اس معاملے میں مجھے مشورہ دو، کسی معاملے کا قطعی فیصلہ میں اس وقت تک نہیں کرتی جب تک تم میرے پاس موجود نہ ہو (اور مجھے مشورہ نہ دو) (32)

32. She said: "O chiefs! Advise me in (this) case of mine. I decide no case till you are present with me (and give me your opinions)."

* (V.27:26) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

قَالُوا نَحْنُ أُولُوا قُوَّةٍ وَأُولُوا بَأْسٍ شَدِيدٍ ۙ
وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانْظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ ﴿٣٣﴾

انھوں نے کہا: ہم قوت والے اور سخت جنگجو ہیں، اور
(فیصلے کا) تمام اختیار آپ کے پاس ہے، آپ خود
دیکھ لیں کہ آپ کیا حکم دیتی ہیں ﴿٣٣﴾

33. They said: "We have great strength, and great ability for war, but it is for you to command; so think over what you will command."

قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً
أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۚ
وَكَذَٰلِكَ يَفْعَلُونَ ﴿٣٤﴾

اس نے کہا: بلاشبہ بادشاہ جب کسی بستی میں داخل
ہوتے ہیں تو اسے خراب کرتے اور اس کے
باعزت لوگوں کو ذلیل کرتے ہیں، اور یہ بھی اسی طرح
کریں گے ﴿٣٤﴾

34. She said: "Verily, kings, when they enter a town (country), they despoil it and make the most honourable amongst its people the lowest. And thus they do.

وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ
بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ﴿٣٥﴾

اور بے شک میں ان کی طرف کوئی ہدیہ بھیجتی ہوں، پھر
دیکھتی ہوں قاصد کیا (جواب) لے کر لوٹتے ہیں؟ ﴿٣٥﴾

35. "But verily, I am going to send him a present, and see with what (answer) the messengers return."

فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ
فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ مِمَّا آتَاكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ
بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ﴿٣٦﴾

چنانچہ جب قاصد سلیمان کے پاس پہنچا، تو سلیمان
نے کہا: کیا تم مال کے ساتھ میری مدد کرنا چاہتے ہو،
مجھے اللہ نے جو دیا ہے وہ اس سے بہت بہتر ہے جو
اس نے تمھیں دیا ہے، بلکہ تم خود ہی اپنے ہدیے
کے ساتھ خوش رہو ﴿٣٦﴾

36. So, when (the messengers with the present) came to Sulaimān (Solomon), he said: "Will you help me in wealth? What Allāh has given me is better than that which He has given you! Nay, you rejoice in your gift!"

ارْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ بِجُنُودٍ لَا
قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِنْهَا
أَذِلَّةً وَهُمْ صَاغِرُونَ ﴿٣٧﴾

تو ان کی طرف لوٹ جا، اب ہم ضرور ان پر ایسے
لشکروں سے چڑھائی کریں گے کہ ان (تمھارے
لوگوں) میں ان کے خلاف لڑنے کی طاقت نہ ہوگی،
اور ہم ضرور انھیں ذلیل کر کے وہاں سے نکال دیں
گے، اور وہ خوار ہوں گے ﴿٣٧﴾

37. [Then Sulaimān (Solomon) said to the chief of her messengers who brought the present]: "Go back to them. We verily, shall come to them with hosts that they cannot resist, and we shall drive them out from there in disgrace, and they will be abased."

قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا
قَبْلَ أَنْ يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ﴿٣٨﴾

اس (سلیمان) نے کہا: اے سردارو! تم میں سے کون
ہے جو ان کے میرے پاس مطیع ہو کر آنے سے پہلے
اس (بلقیس) کا تخت میرے پاس لے آئے؟ ﴿٣٨﴾

38. He said: "O chiefs! Which of you can bring me her throne before they come to me surrendering themselves in obedience?"

قَالَ عِفْرِيتٌ مِنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ
قَبْلَ أَنْ تَقُومَ مِنْ مَقَامِكَ ۖ وَإِنِّي
عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ﴿٣٩﴾

جنوں میں سے ایک دیو (طاقت ور جن) نے کہا: وہ
میں آپ کو لا دیتا ہوں، اس سے پہلے کہ آپ اپنی
جگہ سے اٹھیں، اور بلاشبہ میں اس کی طاقت رکھتا
ہوں، امانت دار بھی ہوں ﴿٣٩﴾

39. An *'Ifrīt* (strong one) from the jinn said: "I will bring it to you before you rise from your place (council). And verily, I am indeed strong and trustworthy for such work."

قَالَ الَّذِي عِنْدَهُ عِلْمٌ مِنَ الْكِتَابِ أَنَا
آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ ۚ
فَلَمَّا رَآهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهُ قَالَ هَٰذَا مِنْ

اس نے کہا جس کے پاس کتاب کا علم تھا کہ آپ کی
پلک جھپکنے سے بھی پہلے وہ تخت میں آپ کو لا دیتا
ہوں، پھر جب سلیمان نے وہ تخت اپنے پاس رکھا
ہوا دیکھا تو کہا: یہ میرے رب کا فضل ہے، تاکہ وہ

40. One with whom was knowledge of the Scripture said: "I will bring it to you within the twinkling of an eye!" Then when he [Sulaimān (Solomon)] saw it

فَضْلِ رَبِّي ۖ لِيَبْلُوَنِي أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ ۖ وَمَن شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ ﴿٤٠﴾

مجھے آزمائے کہ کیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری، اور جو کوئی شکر کرے تو بس وہ اپنے ہی لیے شکر کرتا ہے، اور جو کوئی ناشکری کرے تو بلاشبہ میرا رب بڑا بے پروا، نہایت فیاض ہے﴿٤٠﴾

placed before him, he said: "This is by the Grace of my Lord — to test me whether I am grateful or ungrateful! And whoever is grateful, truly, his gratitude is for (the good of) his ownself; and whoever is ungrateful, (he is ungrateful only for the loss of his ownself). Certainly my Lord is Rich (Free of all needs), Bountiful."

قَالَ نَكِّرُوا لَهَا عَرْشَهَا نَنظُرْ أَتَهْتَدِي أَمْ تَكُونُ مِنَ الَّذِينَ لَا يَهْتَدُونَ ﴿٤١﴾

سلیمان نے کہا: تم اس کے لیے اس کے تخت کی شکل بدل دو، ہم دیکھتے ہیں آیا وہ راہ پاتی ہے یا وہ ان لوگوں میں سے ہے جو راہ نہیں پاتے﴿٤١﴾

41. He said: "Disguise her throne for her that we may see whether she will be guided (to recognise her throne), or she will be one of those not guided."

فَلَمَّا جَاءَتْ قِيلَ أَهَٰكَذَا عَرْشُكِ ۖ قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ ۚ وَأُوتِينَا الْعِلْمَ مِن قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ ﴿٤٢﴾

پھر جب وہ آئی تو کہا گیا: کیا تیرا تخت ایسا ہی ہے؟ وہ بولی: گویا کہ یہ وہی ہے، اور ہمیں اس سے پہلے ہی علم ہو چکا تھا اور ہم تابعدار بن گئے تھے﴿٤٢﴾

42. So when she came, it was said (to her): "Is your throne like this?" She said: "(It is) as though it were the very same." And [Sulaimān (Solomon) said]: "Knowledge was bestowed on us before her, and we were submitted to Allāh (in Islām as Muslims before her)."

وَصَدَّهَا مَا كَانَت تَّعْبُدُ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ إِنَّهَا كَانَتْ مِن قَوْمٍ كَافِرِينَ ﴿٤٣﴾

اور اسے (عبادت الٰہی سے) اس چیز نے روک رکھا تھا جس کی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتی تھی، کیونکہ وہ کافر قوم میں سے تھی﴿٤٣﴾

43. And that which she used to worship besides Allāh has prevented her (from Islām), for she was of a disbelieving people.

قِيلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۖ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَكَشَفَتْ عَن سَاقَيْهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّن قَوَارِيرَ ۗ قَالَتْ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمَانَ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٤٤﴾ ع 13 18

اس سے کہا گیا: تو محل میں داخل ہو جا، پھر جب اس نے اس کو دیکھا تو اسے گہرا پانی سمجھا، اور اپنی دونوں پنڈلیوں سے (کپڑا) اٹھا لیا، سلیمان نے کہا: بلاشبہ یہ تو شیشوں سے جڑا صاف محل ہے، اس نے کہا: اے میرے رب! بے شک (اب تک سورج کی عبادت کر کے) میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا، اور (اب) میں سلیمان کے ساتھ اللہ رب العالمین کی فرماں بردار ہو گئی ہوں﴿٤٤﴾

44. It was said to her: "Enter *As-Sarh*" (a glass surface with water underneath it or a palace): but when she saw it, she thought it was a pool, and she (tucked up her clothes) uncovering her legs. Sulaimān (Solomon) said: "Verily, it is a *Sarh* (a glass surface with water underneath it or a palace)." She said: "My Lord! Verily, I have wronged myself, and I submit [in Islām, together with Sulaimān (Solomon)] to Allāh, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)."

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ فَإِذَا هُمْ

اور بلاشبہ ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو، تو اسی وقت وہ لوگ دو

45. And indeed We sent to Thamūd their brother Sālih (Saleh), saying: "Worship Allāh

فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٥﴾

فریق (مومن اور کافر) ہو کر جھگڑنے لگے ﴿۴۵﴾

(Alone and none else). Then look! They became two parties (believers and disbelievers) quarrelling with each other."

قَالَ يَٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُونَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٤٦﴾

صالح نے کہا: اے میری قوم! تم بھلائی (رحمت) سے پہلے برائی (عذاب) کیوں جلدی طلب کرتے ہو؟ تم اللہ سے مغفرت کیوں نہیں طلب کرتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے؟ ﴿۴۶﴾

46. He said: "O my people! Why do you seek to hasten the evil (torment) before the good (Allāh's Mercy)? Why seek you not the forgiveness of Allāh, that you may receive mercy?"

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَن مَّعَكَ ۚ قَالَ طَائِرُكُمْ عِندَ اللَّهِ ۖ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُونَ ﴿٤٧﴾

انھوں نے کہا: ہم تمھیں اور تمھارے ساتھیوں کو منحوس سمجھتے ہیں، صالح نے کہا: تمھاری نحوست و مصیبت تو اللہ کے پاس (اس کے اختیار میں) ہے بلکہ تم لوگ تو آزمائے جا رہے ہو ﴿۴۷﴾

47. They said: "We augur ill omen from you and those with you." He said: "Your ill omen is with Allāh; nay, but you are a people that are being tested."

وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ﴿٤٨﴾

اور اس شہر میں نو سرغنے تھے، وہ زمین میں فساد پھیلاتے رہتے تھے اور اصلاح نہیں کرتے تھے ﴿۴۸﴾

48. And there were in the city nine men (from the sons of their chiefs), who made mischief in the land, and would not reform.

قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللَّهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ أَهْلِهِ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ﴿٤٩﴾

انھوں نے کہا: تم آپس میں اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم ضرور صالح اور اس کے اہل خانہ پر شب خون ماریں گے، پھر ہم اس کے وارث سے کہیں گے کہ ہم اس کے گھر والوں کی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے، اور بلاشبہ ہم سچے ہیں ﴿۴۹﴾

49. They said: "Swear one to another by Allāh that we shall make a secret night attack on him and his household, and thereafter we will surely say to his near relatives: 'We witnessed not the destruction of his household, and verily, we are telling the truth.'"

وَمَكَرُوا مَكْرًا وَمَكَرْنَا مَكْرًا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٥٠﴾

اور انھوں نے ایک چال چلی، اور ہم نے بھی تدبیر کی، اور وہ شعور بھی نہ رکھتے تھے ﴿۵۰﴾

50. So, they plotted a plot, and We planned a plan, while they perceived not.

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ أَنَّا دَمَّرْنَاهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٥١﴾

پھر آپ دیکھیں! ان کی چال کا انجام کیا ہوا، بلاشبہ ہم نے ان (نو سرغنوں) کو اور ان کی سب قوم کو تباہ و برباد کر دیا ﴿۵۱﴾

51. Then see how was the end of their plot! Verily, We destroyed them and their nation all together.

فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿٥٢﴾

چنانچہ یہ ہیں ان کے گھر خالی (اجڑے اور ویران) پڑے ہوئے، اس لیے کہ انھوں نے ظلم کیا، بلاشبہ اس میں نشان (عبرت) ہے ان لوگوں کے لیے جو جانتے ہیں ﴿۵۲﴾

52. These are their houses in utter ruin, for they did wrong. Verily, in this is indeed an *Ayāh* (a lesson or a sign) for a people who know.

وَأَنجَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿٥٣﴾

اور ہم نے انھیں نجات دی جو ایمان لائے اور وہ (اللہ سے) ڈرتے تھے ﴿۵۳﴾

53. And We saved those who believed, and used to fear Allāh, and keep their duty to Him.

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ

اور (یاد کریں) لوط کو جب اس نے اپنی قوم سے کہا:

54. And (remember) Lūt (Lot)!

وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿٥٤﴾

کیا تم بے حیائی (بدکاری) کرتے ہو جبکہ تم دیکھتے ہو (کہ یہ بے حیائی ہے)﴿٥٤﴾

When he said to his people.[1] Do you commit *Al-Fāhishah* (evil, great sin, every kind of unlawful sexual intercourse, sodomy) while you see (one another doing evil without any screen)?"

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿٥٥﴾

کیا تم شہوت رانی کے لیے (اپنی) عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس آتے ہو؟ بلکہ تم تو نادان لوگ ہو﴿٥٥﴾

55. "Do you practise your lusts on men instead of women? Nay, but you are a people who behave senselessly."

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٥٦﴾

پھر اس کی قوم کا اس کے سوا کوئی جواب نہ تھا کہ انھوں نے کہا: آل لوط کو اپنی بستی سے نکال دو، کیونکہ یہ لوگ تو بڑے پاک صاف بنتے ہیں﴿٥٦﴾

56. There was no other answer given by his people except that they said: "Drive out the family of Lūt (Lot) from your city. Verily, these are men who want to be clean and pure!"

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾

پھر ہم نے اسے اور اس کے اہل خانہ کو نجات دی، سوائے اس کی بیوی کے، ہم نے فیصلہ کر دیا تھا کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں سے ہوگی﴿٥٧﴾

57. So, We saved him and his family, except his wife. We destined her to be of those who remained behind.

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٥٨﴾ ع 4 14 19

اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) سخت بارش برسائی، تو ڈرائے گئے لوگوں پر (پتھروں کی) بدترین بارش برسائی گئی تھی﴿٥٨﴾

58. And We rained down on them a rain (of stones). So, evil was the rain of those who were warned.

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: تمام حمد اللہ ہی کے لیے ہے، اور اس کے ان بندوں پر سلام ہے جنھیں اس نے چن لیا، کیا اللہ بہتر ہے یا وہ جنھیں لوگ شریک ٹھہراتے ہیں؟①﴿٥٩﴾

59. Say (O Muhammad ﷺ): "All praise and thanks are Allāh's, and peace be on His slaves whom He has chosen (for His Message)! Is Allāh better, or (all) that they ascribe as partners (to Him)?" (Of course, Allāh is Better).[2]

---

[1] (V.27:54) i.e. the town of Sodom in Palestine - the place where the Dead Sea is now. [See the Book of History by Ibn Kathir 'The stories of the Prophets' (كتاب التاريخ لابن كثير).]

[2] (V.27:59)

A) Narrated Anas رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Whoever possesses the following three (qualities) will have the sweetness (delight) of Faith:

1) The one to whom Allāh عز وجل and His Messenger (Muhammad ﷺ) become dearer than anything else.

2) Who loves a person and he loves him only for Allāh's sake.

3) Who hates to revert to *Kufr* (disbelief) as he hates to be thrown into the fire." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/16 (O.P.15)]

B) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ was asked, "What is the best deed?" He replied, "To believe in Allāh (عز وجل) and His Messenger (Muhammad ﷺ)." The questioner then asked, "What is the next (in goodness)?" He replied, "To participate in *Jihād* (holy fighting) in Allāh's Cause." The questioner again asked, "What is the next (in goodness)?" He replied, "To perform *Hajj* (pilgrimage to Makkah) *Mabrūr* (which is accepted by Allāh and is performed with the intention of seeking Allāh's Pleasures only and not to show-off and without committing any sin, and in accordance with the legal ways of the Prophet ﷺ)." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/26 (O.P.25)]

① اس میں شرک سے ڈرایا جا رہا ہے کیونکہ شرک ایک تو اللہ کی محبت کے منافی ہے جب کہ ایک مومن کے دل میں اللہ اور اس کے رسول کی محبت سب سے زیادہ ہونی چاہیے۔ دوسرا شرک ناقابل معافی ہے۔ اگر ایک شخص شرک کرتے کرتے فوت ہو گیا تو وہ ہمیشہ کے لیے جہنمی ہوگا۔ [أَعَاذَنَا اللّٰهُ مِنْهَا]

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ
لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَأَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ
ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ۗ
ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿60﴾

(کیا یہ معبودانِ باطلہ بہتر ہیں) یا وہ (اللہ) جس نے
آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور تمھارے لیے آسمان
سے پانی اتارا؟ پھر ہم نے اس سے ایسے پررونق
باغ اگائے جن کے درخت اگانے کی تمھیں قدرت
نہ تھی، کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے؟
بلکہ (یہ) وہ لوگ ہیں جو (غیر اللہ کو اللہ کے) برابر
ٹھہراتے ہیں ﴿60﴾

60. Is not He (better than your gods) Who created the heavens and the earth, and sends down for you water (rain) from the sky, whereby We cause to grow wonderful gardens full of beauty and delight? It is not in your ability to cause the growth of their trees. Is there any *ilāh* (god) with Allāh? Nay, but they are a people who ascribe equals (to Him)!

أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ
أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ
الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ۗ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ بَلْ
أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿61﴾

(کیا یہ بت بہتر ہیں) یا وہ (اللہ) جس نے زمین
ٹھہرنے کے لائق بنائی، اور اس کے درمیان نہریں
بنائیں اور اس کے لیے اس نے پہاڑ بنائے، اور دو
سمندروں کے درمیان آڑ رکھی؟ کیا اللہ کے ساتھ
کوئی (اور) الٰہ ہے؟ (نہیں!) بلکہ ان کے اکثر علم
نہیں رکھتے ﴿61﴾

61. Is not He (better than your gods) Who has made the earth as a fixed abode, and has placed rivers in its midst, and has placed firm mountains therein, and has set a barrier between the two seas (of salt and sweet water)? Is there any *ilāh* (god) with Allāh? Nay, but most of them know not!

أَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ
السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْأَرْضِ ۗ ءَإِلٰهٌ
مَّعَ اللّٰهِ ۗ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿62﴾

(کیا یہ بت بہتر ہیں) یا وہ (اللہ) جو مجبور ولاچار کی دعا
قبول کرتا ہے جب وہ اسے پکارتا ہے، اور وہ اس کی
تکلیف دور کر دیتا ہے، اور وہ تمھیں زمین میں
جانشین بناتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود
ہے؟ تم کم ہی نصیحت حاصل کرتے ہو ﴿62﴾

62. Is not He (better than your gods) Who responds to the distressed one, when he calls on Him, and Who removes the evil, and makes you inheritors of the earth, generations after generations? Is there any *ilāh* (god) with Allāh? Little is that you remember!

أَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ
رَحْمَتِهٖ ۗ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ﴿63﴾

(کیا یہ بت بہتر ہیں) یا وہ (اللہ) جو تمھیں خشکی اور تری
کے اندھیروں میں راہ دکھاتا ہے اور جو اپنی رحمت
(بارش) سے پہلے بشارت والی ہوائیں بھیجتا ہے؟ کیا
اللہ کے ساتھ کوئی (اور) معبود ہے؟ اللہ ان سے
بلند و بالا ہے جنھیں وہ شریک ٹھہراتے ہیں ﴿63﴾

63. Is not He (better than your gods) Who guides you in the darkness of the land and the sea, and Who sends the winds as heralds of glad tidings, going before His Mercy (rain)? Is there any *ilāh* (god) with Allāh? High Exalted is Allāh above all that they associate as partners (to Him)!

أَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ
مِّنَ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ ۗ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ قُلْ
هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿64﴾

(کیا یہ بت بہتر ہیں) یا وہ (اللہ) جو مخلوق کو پہلی بار پیدا
کرتا ہے، پھر اسے لوٹائے گا، اور وہ جو تمھیں آسمان
اور زمین سے رزق دیتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی
(اور) الٰہ ہے؟ کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو اپنی کوئی
دلیل لے آؤ ﴿64﴾

64. Is not He (better than your so-called gods) Who originates creation, and shall thereafter repeat it, and Who provides for you from heaven and earth? Is there any *ilāh* (god) with Allāh? Say: "Bring forth your proofs, if you are truthful."

65. Say: "None in the heavens and the earth knows the *Ghaib* (Unseen) except Allāh, nor can they perceive when they shall be resurrected."

کہہ دیجیے: آسمانوں اور زمین میں اللہ کے سوا کوئی بھی غیب (کی بات) نہیں جانتا، اور وہ (خود ساختہ معبود) تو یہ بھی نہیں جانتے کہ وہ (قبروں سے) کب اٹھائے جائیں گے ﴿۶۵﴾

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾

66. Nay, they have no knowledge of the Hereafter. Nay, they are in doubt about it. Nay, they are in complete blindness about it.

بلکہ آخرت کے بارے میں ان کا علم ختم ہو چکا، بلکہ وہ آخرت کے متعلق شک میں ہیں، بلکہ وہ اس سے اندھے ہیں ﴿۶۶﴾

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۣ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۣ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ ع

67. And those who disbelieve say: "When we have become dust — we and our fathers — shall we really be brought forth (again)?

اور کافروں نے کہا: کیا جب ہم اور ہمارے آباؤ اجداد مٹی ہو جائیں گے تو کیا ہمیں (پھر قبروں سے) نکالا جائے گا؟ ﴿۶۷﴾

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَاۗؤُنَآ اَىِٕنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿۶۷﴾

68. "Indeed we were promised this — we and our forefathers before (us), verily, this is nothing but tales of ancients."

بلاشبہ ہمیں اور اس سے پہلے ہمارے آباؤ اجداد کو بھی یہ وعدے دیے جاتے رہے ہیں، لیکن یہ تو محض پہلے لوگوں کے افسانے ہیں ﴿۶۸﴾

لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾

69. Say to them (O Muhammad ﷺ): "Travel in the land and see how has been the end of the *Mujrimūn* (criminals, those who denied Allāh's Messengers and disobeyed Allāh)."

کہہ دیجیے: تم زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو مجرموں کا انجام کیسا ہوا؟ ﴿۶۹﴾

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾

70. And grieve you not over them, nor be straitened (in distress) because of what they plot.

اور (اے نبی!) آپ ان پر غم نہ کریں اور نہ ہی جو وہ مکر و فریب کر رہے ہیں (اس پر) تنگ دل ہوں ﴿۷۰﴾

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

71. And they (the disbelievers in the Oneness of Allāh) say: "When (will) this promise (be fulfilled), if you are truthful?"

اور وہ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو تو یہ (عذاب کا) وعدہ کب پورا ہوگا؟ ﴿۷۱﴾

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۷۱﴾

72. Say: "Perhaps that which you wish to hasten on, may be close behind you.

آپ کہہ دیجیے: جو عذاب تم جلدی طلب کرتے، ہو سکتا ہے (اس میں سے) کچھ تمھارے قریب آ لگا ہو ﴿۷۲﴾

قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۷۲﴾

73. "Verily, your Lord is full of grace for mankind, but most of them do not give thanks."

اور بے شک آپ کا رب لوگوں پر بہت فضل (فرمانے) والا ہے، لیکن ان کے اکثر شکر نہیں کرتے ﴿۷۳﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

74. And verily, your Lord knows what their breasts conceal and what they reveal.

اور بلاشبہ آپ کا رب (وہ باتیں) جانتا ہے جو ان کے سینے چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں ﴿۷۴﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۴﴾

75. And there is nothing hidden in the heaven and the earth but it is in a Clear Book (i.e. *Al-Lauh Al-Mahfūz*).

اور آسمان و زمین میں غائب کوئی چیز ایسی نہیں جو کھلی کتاب (لوح محفوظ) میں (لکھی ہوئی) نہ ہو ﴿۷۵﴾

وَمَا مِنْ غَاۗىِٕبَةٍ فِي السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۵﴾

إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٧٦﴾

بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل پر اکثر وہ باتیں بیان کرتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں ﴿٧٦﴾

76. Verily, this Qur'ān narrates to the Children of Israel most of that in which they differ.

وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٧٧﴾

اور بلاشبہ یہ (قرآن) مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے ﴿٧٧﴾

77. And truly, it (this Qur'ān) is a guide and a mercy for the believers.

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُم بِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ﴿٧٨﴾

بے شک آپ کا رب ان کے درمیان اپنے حکم سے فیصلہ کرے گا، اور وہ نہایت غالب ہے، بہت علم والا ہے ﴿٧٨﴾

78. Verily, your Lord will decide between them (various sects) by His Judgement. And He is the All-Mighty, the All-Knowing.

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۖ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ﴿٧٩﴾

لہٰذا (اے نبی!) آپ اللہ پر توکل کریں، بلاشبہ آپ واضح حق پر ہیں ﴿٧٩﴾

79. So, put your trust in Allāh; surely, you (O Muhammad ﷺ) are on manifest truth.

إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ﴿٨٠﴾

آپ مُردوں کو نہیں سنا سکتے، اور نہ آپ بہروں کو (اپنی) پکار سنا سکتے ہیں، جبکہ وہ پیٹھ کے بل پھر جائیں ﴿٨٠﴾

80. Verily, you cannot make the dead to hear nor can you make the deaf to hear the call (i.e. benefit them and similarly the disbelievers), when they flee, turning their backs.

وَمَا أَنتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ﴿٨١﴾

اور نہ آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے راہِ ہدایت پر لا سکتے ہیں، آپ تو بس انھیں ہی سنا سکتے ہیں جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں، تو وہی فرماں بردار ہیں ﴿٨١﴾

81. Nor can you lead the blind out of their error. You can only make to hear those who believe in Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), and who have submitted (themselves to Allāh in Islām as Muslims).

وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ ﴿٨٢﴾ ع 6 16 2

اور جب ان پر (قربِ قیامت کے وعدے کی) بات پوری ہو جائے گی تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے، وہ ان سے کلام کرے گا کہ بے شک یہ لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں رکھتے تھے① ﴿٨٢﴾

82. And when the Word (of torment) is fulfilled against them, We shall bring out from the earth a beast[1] for them, to speak to them because mankind believed not with certainty in Our *Ayāt* (Verses of the Qur'ān and Prophet Muhammad ﷺ).

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿٨٣﴾

اور جس دن ہم ہر امت میں سے ایک گروہ اکٹھا کریں گے، جو ہماری آیات کو جھٹلاتے تھے، پھر ان کی درجہ بندی کی جائے گی ﴿٨٣﴾

83. And (remember) the Day when We shall gather out of every nation a troop of those who denied Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), and (then) they (all) shall be driven (to the place of reckoning),

---

[1] (V.27:82) See the footnote of (V.6:158).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ انعام: 158/6)

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِىْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾

حتی کہ جب وہ سب (میدان محشر میں) آ پہنچیں گے تو اللہ فرمائے گا: کیا تم نے میری آیات کو جھٹلایا تھا، جبکہ تم نے علم سے ان کا احاطہ نہ کیا تھا، یا تم کیا کرتے رہے تھے؟ ﴿۸۴﴾

84. Till, when they come (before their Lord at the place of reckoning), He will say: "Did you deny My *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) whereas you comprehended them not by knowledge (of their truth or falsehood), or what (else) was it that you used to do?"

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٨٥﴾

اور ان کے ظلم کی وجہ سے ان پر (وعدۂ عذاب کی) بات پوری ہو جائے گی، تو وہ (کچھ بھی) نہیں بول سکیں گے ﴿۸۵﴾

85. And the Word (of torment) will be fulfilled against them, because they have done wrong, and they will be unable to speak (in order to defend themselves).

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٨٦﴾

کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات بنائی، تاکہ وہ اس میں آرام وسکون کریں اور دن کو روشن (بنایا۔) بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں ﴿۸۶﴾

86. See they not that We have made the night for them to rest therein, and the day sight-giving? Verily, in this are *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) for the people who believe.

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿٨٧﴾

اور جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے (سب) گھبرا جائیں گے، سوائے اس کے جسے اللہ چاہے، اور (یہ) سب عاجز ہو کر اللہ کے حضور جائیں گے ﴿۸۷﴾

87. And (remember) the Day on which the Trumpet will be blown — and all who are in the heavens and all who are on the earth, will be terrified except him whom Allāh will (exempt). And all shall come to Him, humbled.

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۭ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ۭ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٨٨﴾

اور آپ پہاڑوں کو دیکھیں گے تو ان کو جامد (اپنی جگہ جمے ہوئے) سمجھیں گے، جبکہ وہ بادلوں کے چلنے کی طرح چل رہے ہوں گے، یہ اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو پختہ اور مضبوط بنایا، بے شک وہ باخبر ہے اس سے جو تم کرتے ہو ﴿۸۸﴾

88. And you will see the mountains and think them solid, but they shall pass away as the passing away of the clouds. The Work of Allāh, Who perfected all things, verily, He is Well-Acquainted with what you do.

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَىِٕذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿٨٩﴾

جو شخص نیکی لائے گا، تو اس کے لیے اس سے زیادہ بہتر (بدلہ) ہوگا، اور وہ اس دن ہر گھبراہٹ سے بے خوف ہوں گے ﴿۸۹﴾

89. Whoever brings a good deed (i.e. belief in the Oneness of Allāh along with every deed of righteousness), will have better than its worth; and they will be safe from the terror on that Day.

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ۭ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٠﴾

اور جو شخص برائی لائے گا تو ان کے منہ آگ میں اوندھے کر دیے جائیں گے (اور کہا جائے گا:) تم بس اسی کا بدلہ پاؤ گے جو تم عمل کرتے تھے ﴿۹۰﴾

90. And whoever brings an evil deed (i.e. *Shirk* — polytheism, disbelief in the Oneness of Allāh and every evil sinful deed), they will be cast down (prone) on their faces in the Fire. (And it

will be said to them) "Are you being recompensed anything except what you used to do?"

91. I (Muhammad ﷺ) have been commanded only to worship the Lord of this city (Makkah), Who has sanctified it and to Whom belongs everything. And I am commanded to be from among the Muslims (those who submit to Allāh in Islām).[1]

(آپ کہہ دیجیے:) بس مجھے تو حکم ہوا ہے کہ میں اس شہر (مکہ) کے رب کی عبادت کروں جس نے اسے حرمت بخشی ہے①، اور ہر شے اسی کے لیے ہے، اور مجھے حکم ہوا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہو جاؤں ﴿91﴾

إِنَّمَآ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَٰذِهِ ٱلْبَلْدَةِ ٱلَّذِى حَرَّمَهَا وَلَهُۥ كُلُّ شَىْءٍ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ ٱلْمُسْلِمِينَ ﴿٩١﴾

92. And that I should recite the Qur'ān, then whosoever receives guidance, receives it for the good of his ownself; and whosoever goes astray, say (to him): "I am only one of the warners."

اور یہ کہ میں قرآن پڑھوں، پھر جس نے ہدایت پائی تو بس وہ اپنی ہی ذات کے لیے ہدایت پاتا ہے، اور جو گمراہ ہوا تو آپ کہہ دیجیے: میں تو صرف ڈرانے والوں میں سے ہوں ﴿92﴾

وَأَنْ أَتْلُوَا۟ ٱلْقُرْءَانَ ۖ فَمَنِ ٱهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِى لِنَفْسِهِۦ ۖ وَمَن ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَآ أَنَا۠ مِنَ ٱلْمُنذِرِينَ ﴿٩٢﴾

93. And say [(O Muhammad ﷺ) to these polytheists and pagans]: "All praise and thanks are Allāh's. He will show you His *Ayāt* (signs, in yourselves, and in the universe or punishments), and you shall recognise them. And your Lord is not unaware of what you do."

اور کہہ دیجیے: تمام حمد اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جلد ہی تمھیں اپنی نشانیاں دکھائے گا، پھر تم انھیں پہچان لو گے، اور جو کچھ تم عمل کرتے رہے ہو آپ کا رب اس سے غافل نہیں ﴿93﴾

وَقُلِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ سَيُرِيكُمْ ءَايَٰتِهِۦ فَتَعْرِفُونَهَا ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾ ع 7 11 3

Sūrat Al-Qasas (The Narration) 28

سورۂ قصص

آیاتها 88 (28) سُورَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ (49) رکوعاتها 9

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

1. *Tā-Sīn-Mīm*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

طسٓمٓ ①

طسٓمٓ ﴿١﴾

2. These are the Verses of the manifest Book (that makes clear

یہ واضح کتاب کی آیات ہیں ②

تِلْكَ ءَايَٰتُ ٱلْكِتَٰبِ ٱلْمُبِينِ ﴿٢﴾

---

[1] (V.27:91)
a) Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: On the day of the conquest of Makkah, Allāh's Messenger ﷺ said: "Allāh has made this town a sanctuary. Its thorny bushes should not be cut, its game should not be chased, and its fallen things should not be picked up except by one who would announce them publicly." [*Sahih Al-Bukhari*, 2/1587 (O.P.657)]
b) See the footnote of (V.2:191).

① اس سے مراد "مکہ" شہر ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے دن فرمایا: "اللہ نے اس شہر کو حرم (جائے امن) قرار دیا ہے اس کی کانٹے دار جھاڑیاں نہ کاٹی جائیں نہ وہاں کے شکاری جانور کا تعاقب کیا جائے اور کوئی اس کی (وہاں) گری پڑی اشیا نہ اُٹھائے سوائے اُس شخص کے جو اس کا اعلان کرے۔" (صحیح البخاری، الحج، باب: 43، حدیث: 1587)
مزید ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ بقرہ: 2/191)

truth from falsehood, good from evil).

3. We recite to you some of the news of Mūsā (Moses) and Fir'aun (Pharaoh) in truth, for a people who believe (in this Qur'ān, and in the Oneness of Allāh).

ہم آپ کو موسیٰ اور فرعون کا کچھ حال ٹھیک ٹھیک سناتے ہیں، ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں③

نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ③

4. Verily, Fir'aun (Pharaoh) exalted himself in the land and made its people sects, weakening (oppressing) a group (i.e. Children of Israel) among them: killing their sons, and letting their females live. Verily, he was of the *Mufsidūn* (i.e. those who commit great sins and crimes, oppressors, tyrants).

بے شک فرعون نے زمین (مصر) میں سرکشی کی، اور اس نے اہل مصر کے کئی گروہ بنا دیے، ان میں سے ایک گروہ (بنی اسرائیل) کو اس نے ضعیف جان کر دبا رکھا تھا، وہ ان کے بیٹے ذبح کرتا اور ان کی بیٹیاں زندہ رکھتا، بلاشبہ وہ فسادیوں میں سے تھا④

اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ④

5. And We wished to do a favour to those who were weak (and oppressed) in the land, and to make them rulers and to make them the inheritors,

اور ہم چاہتے تھے کہ ان لوگوں پر احسان کریں جنھیں زمین میں ضعیف جان (کر دبا) لیا گیا تھا، اور انھیں پیشوا بنائیں، اور انھیں (ملک مصر کے) وارث بنائیں⑤

وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ⑤

6. And to establish them in the land, and We let Fir'aun (Pharaoh) and Hāmān and their hosts receive from them that which they feared.

اور (یہ کہ) ہم انھیں زمین (شام و فلسطین) میں اقتدار بخشیں، اور ہم فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکروں کو ان (کمزور لوگوں کے ہاتھوں) سے وہ چیز دکھائیں جس سے وہ ڈرتے تھے⑥

وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ⑥

7. And We inspired the mother of Mūsā (Moses) (telling): "Suckle him [Mūsā (Moses)], but when you fear for him, then cast him into the river and fear not, nor grieve. Verily, We shall bring him back to you, and shall make him one of (Our) Messengers." (*Tafsir Al-Qurtubi*)

اور ہم نے موسیٰ کی ماں کو الہام کیا کہ تو اسے دودھ پلا، پھر جب تو اس کے بارے میں ڈرے تو اسے دریا میں ڈال دینا، اور نہ ڈرنا اور نہ غم کھانا، بے شک ہم اسے تیری طرف لوٹانے والے ہیں، اور اسے رسولوں میں سے بنانے والے ہیں⑦

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَاۗدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ⑦

8. Then the household of Fir'aun (Pharaoh) picked him up, that he might become for them an enemy and a (cause of) grief. Verily, Fir'aun (Pharaoh), Hāmān and their hosts were sinners.

چنانچہ فرعون کے گھر والوں نے اسے (دریا سے) اٹھا لیا، تاکہ وہ ان کے لیے دشمن اور باعث غم بنے، بلاشبہ فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکر خطا کار تھے⑧

فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۭ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِــِٕيْنَ ⑧

9. And the wife of Fir'aun (Pharaoh) said: "A comfort of the eye for me and for you. Kill him not, perhaps he may be of

اور فرعون کی بیوی نے کہا: (یہ تو) میرے لیے اور تیرے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، اسے قتل نہ کرو، شاید یہ ہمیں نفع دے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں، اور وہ

وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ۭ لَا تَقْتُلُوْهُ ڰ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ

أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ⑨

(انجام سے) بے خبر تھے ⑨

benefit to us, or we may adopt him as a son." And they perceived not (the result of that).

وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوسَىٰ فَارِغًا ۖ إِنْ كَادَتْ لَتُبْدِي بِهِ لَوْلَا أَنْ رَبَطْنَا عَلَىٰ قَلْبِهَا لِتَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ⑩

اور موسیٰ کی ماں کا دل (صبر و قرار سے) خالی ہو گیا، بے شک قریب تھا کہ وہ اسے ظاہر کر دیتی، اگر ہم نے اس کا دل مضبوط نہ کر دیا ہوتا، تاکہ وہ (ہمارے وعدے پر) یقین کرنے والوں میں سے ہو ⑩

10. And the heart of the mother of Mūsā (Moses) became empty [from every thought, except the thought of Mūsā (Moses)]. She was very near to disclose his case (i.e. the child is her son), had We not strengthened her heart (with Faith), so that she might remain as one of the believers.

وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ قُصِّيهِ ۖ فَبَصُرَتْ بِهِ عَنْ جُنُبٍ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ⑪

اور موسیٰ کی ماں نے اس کی بہن سے کہا: تو اس کے پیچھے پیچھے جا، پھر وہ (گئی تو) اسے دور سے دیکھتی رہی، جبکہ وہ (فرعونی) بے خبر تھے ⑪

11. And she said to his [Mūsā's (Moses)] sister: "Follow him." So she (his sister) watched him from a far place secretly, while they perceived not.

وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ أَهْلِ بَيْتٍ يَكْفُلُونَهُ لَكُمْ وَهُمْ لَهُ نَاصِحُونَ ⑫

اور ہم نے موسیٰ پر دائیوں (کے دودھ) کو پہلے ہی سے حرام کر دیا تھا، پھر موسیٰ کی بہن نے کہا: کیا میں تمھیں ایک گھر والے کا بتاؤں جو تمھارے لیے اس کی پرورش کریں اور وہ اس کے خیر خواہ بھی ہوں؟ ⑫

12. And We had already forbidden (other) foster suckling mothers for him, until she (his sister came up and) said: "Shall I direct you to a household who will rear him for you, and look after him in a good manner?"

فَرَدَدْنَاهُ إِلَىٰ أُمِّهِ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ⑬ ع 1 13 4

چنانچہ ہم نے اسے اس کی ماں کے پاس لوٹا دیا، تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کھائے اور تاکہ وہ جان لے کہ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ⑬

13. So did We restore him to his mother, that her eye might be comforted, and that she might not grieve, and that she might know that the Promise of Allāh is true. But most of them know not.

وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَاسْتَوَىٰ آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ⑭

اور جب وہ (موسیٰ) اپنی جوانی کو پہنچا اور (عقل و شعور میں کامل اور) پورا طاقتور ہو گیا تو ہم نے اسے قوت فیصلہ اور علم دیا، اور ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ⑭

14. And when he attained his full strength, and was perfect (in manhood), We bestowed on him *Hukm* (Prophethood, and right judgement of the affairs) and religious knowledge [of the religion of his forefathers, i.e. Islāmic Monotheism]. And thus do We reward the *Muhsinūn* (i.e. good doers. See the footnote of V.9:120).

وَدَخَلَ الْمَدِينَةَ عَلَىٰ حِينِ غَفْلَةٍ مِنْ أَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ هَٰذَا مِنْ شِيعَتِهِ وَهَٰذَا مِنْ عَدُوِّهِ ۖ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِي مِنْ شِيعَتِهِ عَلَى

اور وہ شہر میں ایسے وقت داخل ہوا جبکہ اہل شہر غفلت میں تھے، پھر اس نے شہر میں دو آدمیوں کو باہم لڑتے پایا، یہ (ایک تو) اس کے اپنے گروہ میں سے تھا اور یہ (دوسرا) اس کے دشمنوں میں سے تھا، پھر جو اس

15. And he entered the city at a time of unawareness of its people: and he found there two men fighting, — one of his party (his religion — from the Children of Israel), and the other of his

الَّذِي مِنْ عَدُوِّهِ ۖ فَوَكَزَهُ مُوسَىٰ فَقَضَىٰ عَلَيْهِ ۖ قَالَ هَٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّهُ عَدُوٌّ مُضِلٌّ مُبِينٌ ﴿١٥﴾

کے اپنے گروہ میں سے تھا اس نے موسیٰ سے اس شخص کے خلاف مدد مانگی جو اس کے دشمنوں میں سے تھا، چنانچہ موسیٰ نے اسے گھونسا مارا تو اس کا کام تمام کر دیا (پھر) کہا: یہ (قتل) شیطان کا عمل ہے، بلاشبہ وہ گمراہ کرنے والا کھلم کھلا دشمن ہے⑮

foes. The man of his (own) party asked him for help against his foe, so Mūsā (Moses) struck him with his fist and killed him. He said: "This is of *Shaitān*'s (Satan's) doing, verily, he is a plain misleading enemy."

قَالَ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿١٦﴾

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! بے شک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے، لہٰذا تو میری مغفرت فرما، چنانچہ اللہ نے اسے بخش دیا، بلاشبہ وہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے⑯

16. He said: "My Lord! Verily, I have wronged myself, so forgive me." Then He forgave him. Verily, He is the Oft-Forgiving, the Most Merciful.

قَالَ رَبِّ بِمَا أَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ أَكُونَ ظَهِيرًا لِلْمُجْرِمِينَ ﴿١٧﴾

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! چونکہ تو نے مجھ پر انعام کیا ہے، لہٰذا میں مجرموں کا مددگار ہرگز نہیں بنوں گا⑰

17. He said: "My Lord! For that with which You have favoured me, I will nevermore be a helper of the *Mujrimūn* (criminals, disbelievers, polytheists, sinners)!"

فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا يَتَرَقَّبُ فَإِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ ۚ قَالَ لَهُ مُوسَىٰ إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُبِينٌ ﴿١٨﴾

پھر موسیٰ نے شہر میں ڈرتے ڈرتے (ہر طرف سے خطرے کے) انتظار میں صبح کی، تو اچانک (دیکھا کہ) وہ شخص جس نے کل اس سے مدد مانگی تھی، اسے مدد کے لیے پکار رہا ہے، موسیٰ نے اس سے کہا: بلاشبہ تو تو صاف گمراہ شخص ہے⑱

18. So he became afraid, looking about in the city (waiting as to what will be the result of his crime of killing), when behold, the man who had sought his help the day before, called for his help (again). Mūsā (Moses) said to him: "Verily, you are a plain misleader!"

فَلَمَّا أَنْ أَرَادَ أَنْ يَبْطِشَ بِالَّذِي هُوَ عَدُوٌّ لَهُمَا قَالَ يَا مُوسَىٰ أَتُرِيدُ أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ ۖ إِنْ تُرِيدُ إِلَّا أَنْ تَكُونَ جَبَّارًا فِي الْأَرْضِ وَمَا تُرِيدُ أَنْ تَكُونَ مِنَ الْمُصْلِحِينَ ﴿١٩﴾

پھر جب موسیٰ نے ارادہ کیا کہ اس شخص کو پکڑے جو ان دونوں کا دشمن تھا تو وہ (اسرائیلی) بول اٹھا: اے موسیٰ: کیا تو مجھے بھی قتل کرنا چاہتا ہے جیسے تو نے کل ایک شخص کو قتل کر دیا تھا، تو یہی چاہتا ہے کہ زمین میں بڑا متکبر و سرکش ہو، اور تو نہیں چاہتا کہ تو اصلاح کرنے والوں میں سے ہو⑲

19. Then when he decided to seize the man who was an enemy to both of them, the man said: "O Mūsā (Moses)! Is it your intention to kill me as you killed a man yesterday? Your aim is nothing but to become a tyrant in the land, and not to be one of those who do right."

وَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ يَسْعَىٰ قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُونَ بِكَ لِيَقْتُلُوكَ فَاخْرُجْ إِنِّي لَكَ مِنَ النَّاصِحِينَ ﴿٢٠﴾

اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا آیا (اور) اس نے کہا: اے موسیٰ! بلاشبہ سردار تیرے خلاف مشورہ کر رہے ہیں کہ تجھے قتل کر ڈالیں، لہٰذا تو نکل جا، بے شک میں تیرے خیر خواہوں میں سے ہوں⑳

20. And there came a man running, from the farthest end of the city. He said: "O Mūsā (Moses)! Verily, the chiefs are taking counsel together about you, to kill you, so escape. Truly, I am one of the good advisers to you."

فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا يَتَرَقَّبُ ۖ قَالَ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿٢١﴾ ع 2 8 5

تو موسیٰ اس شہر سے ڈرتے سہمتے، (پکڑے جانے کے) انتظار میں نکلا، (اور) اس نے کہا: اے میرے

21. So he escaped from there, looking about in a state of fear. He said: "My Lord! Save me

رب! تو مجھے ظالم قوم سے نجات دے ﴿21﴾

from the people who are *Zālimūn* (polytheists and wrong doers)!"

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ
يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿22﴾

اور جب اس نے مدین کا رخ کیا تو کہا: امید ہے کہ
میرا رب مجھے سیدھی راہ کی ہدایت دے گا ﴿22﴾

22. And when he went towards (the land of) Madyan (Midian), he said: "It may be that my Lord guides me to the Right Way."

وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً
مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۬ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ
امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ قَالَتَا
لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٚ وَاَبُوْنَا
شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿23﴾

اور جب وہ مدین کے پانی (کنویں) پر پہنچا تو اس پر
اس نے لوگوں کا ایک گروہ پایا، وہ (اپنے مویشیوں کو)
پانی پلا رہے تھے، اور ان کے علاوہ دو عورتوں کو دیکھا
جو (اپنے جانور) روک رہی ہیں، موسیٰ نے کہا: تمھارا
کیا معاملہ ہے؟ ان دونوں نے کہا: ہم پانی نہیں
پلاتیں، حتی کہ چرواہے (پانی پلا کر اپنے مویشی) واپس
لے جائیں، جبکہ ہمارا باپ بڑی عمر کا بوڑھا ہے ﴿23﴾

23. And when he arrived at the water (a well) of Madyan (Midian), he found there a group of men watering (their flocks), and besides them he found two women who were keeping back (their flocks). He said: "What is the matter with you?" They said: "We cannot water (our flocks) until the shepherds take (their flocks). And our father is a very old man."

فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ
اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿24﴾

چنانچہ اس نے ان دونوں کی خاطر پانی پلایا، پھر وہ
(پیچھے) سائے کی طرف ہٹ آیا، اور کہا: اے میرے
رب! بے شک تو میری طرف جو بھی خیر نازل
کرے، میں اس کا محتاج ہوں ﴿24﴾

24. So he watered (their flocks) for them, then he turned back to shade, and said: "My Lord! Truly, I am in need of whatever good that You bestow on me!"

فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۡ
قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا
سَقَيْتَ لَنَا ۭ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ
الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ڣ نَجَوْتَ مِنَ
الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿25﴾

پھر ان دونوں میں سے ایک (لڑکی) شرم و حیا سے
چلتی اس کے پاس آئی، اس نے کہا: بے شک
میرے والد تجھے بلاتے ہیں تاکہ وہ تجھے اس کی
مزدوری دیں جو تو نے ہماری خاطر پانی پلایا ہے،
پھر جب موسیٰ اس کے پاس آیا اور اسے سارا قصہ
سنایا تو اس نے کہا: تو مت ڈر، تو نے اس ظالم قوم
سے نجات پالی ہے ﴿25﴾

25. Then there came to him one of the two women, walking shyly. She said: "Verily, my father calls you that he may reward you for having watered (our flocks) for us." So when he came to him and narrated the story, he said: "Fear you not. You have escaped from the people who are *Zālimūn* (polytheists, disbelievers, and wrong doers)."

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ
خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ﴿26﴾

ان دونوں میں سے ایک (لڑکی) نے کہا: اے ابا
جان! اسے نوکر رکھ لیجیے، بلاشبہ بہترین شخص، جسے
آپ ملازم رکھیں، وہی ہو سکتا ہے جو طاقتور ہو،
امانت دار ہو ﴿26﴾

26. And said one of them (the two women): "O my father! Hire him! Verily, the best of men for you to hire is the strong, the trustworthy."

قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ
هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ
اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ
اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ
مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿27﴾

اس نے (موسیٰ سے) کہا: میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان
دونوں بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح تجھ سے اس
شرط پر کردوں کہ تو آٹھ سال میری نوکری کرے، پھر
اگر تو دس سال پورے کرے تو تیری طرف سے ہوگا،
اور میں نہیں چاہتا کہ تجھ پر سختی کروں، ان شاء اللہ
یقیناً تو مجھے نیک لوگوں میں سے پائے گا ﴿27﴾

27. He said: "I intend to wed one of these two daughters of mine to you, on condition that you serve me for eight years; but if you complete ten years, it will be (a favour) from you. But I intend not to place you under a difficulty. If Allāh wills, you will find me one of the righteous."

28. He [Mūsā (Moses)] said: "That (is settled) between me and you: whichever of the two terms I fulfil, there will be no injustice to me, and Allāh is Surety over what we say."

موسیٰ نے کہا: یہ میرے اور آپ کے درمیان (معاہدہ) ہے، میں دو مدتوں میں سے جو بھی پوری کرلوں تو (اس کے بعد) مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہو، اور جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں اس پر اللہ گواہ ونگہبان ہے﴿28﴾

قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿28﴾ ع

29. Then, when Mūsā (Moses) had fulfilled the term, and was travelling with his family, he saw a fire in the direction of Tūr (Mount). He said to his family: "Wait, I have seen a fire; perhaps I may bring to you from there some information, or a burning firebrand that you may warm yourselves."

پھر جب موسیٰ نے وہ مدت پوری کرلی اور اپنے گھر والوں کو لے کر چلا تو اس نے کوہِ طور کی ایک جانب سے آگ دیکھی، اس نے اپنے گھر والوں سے کہا: تم (یہیں) ٹھہرو، بے شک میں نے آگ دیکھی ہے، شاید میں وہاں سے تمھارے پاس کوئی خبر یا آگ کا انگارا لے آؤں تاکہ تم تاپ سکو﴿29﴾

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖٓ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿29﴾

30. So when he reached it (the fire), he was called from the right side of the valley, in the blessed place, from the tree: "O Mūsā (Moses)! Verily, I am Allāh, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)!

پھر جب وہ اس کے پاس پہنچا تو اسے وادی کے دائیں کنارے ایک مبارک جگہ میں ایک درخت سے آواز دی گئی کہ اے موسیٰ! یقیناً میں ہی اللہ، سب جہانوں کا رب ہوں﴿30﴾

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّىْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿30﴾

31. "And throw your stick!" But when he saw it moving as if it were a snake, he turned in flight, and looked not back. (It was said:) "O Mūsā (Moses)! Draw near, and fear not. Verily, you are of those who are secure.

اور یہ (بھی کہا گیا) کہ تو اپنا عصا ڈال دے، پھر جب موسیٰ نے عصا کو دیکھا کہ وہ سانپ کی طرح حرکت کررہا ہے تو وہ پیٹھ پھیر کر پلٹا اور اس نے مڑ کر بھی نہ دیکھا، (اللہ نے فرمایا:) اے موسیٰ! تو آگے بڑھ اور نہ ڈر، بلاشبہ تو امن والوں میں سے ہے﴿31﴾

وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰٓي اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۣ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿31﴾

32. "Put your hand in your bosom, it will come forth white without a disease; and draw your hand close to your side to be free from the fear (which you suffered from the snake, and also your hand will return to its original state). These are two *Burhān* (signs, miracles, evidences, proofs) from your Lord to Fir'aun (Pharaoh) and his chiefs. Verily, they are the people who are *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh)."

اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال، (پھر نکال تو) وہ (سفید) چمکتا ہوا بے عیب نکلے گا، اور خوف سے (بچنے کے لیے) اپنا بازو اپنی طرف ملا لے، چنانچہ تیرے رب کی طرف سے یہ دونوں معجزے فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف (بھیجنے کے لیے) ہیں، بلاشبہ وہ نافرمان لوگ ہیں﴿32﴾

اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۡ وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ىِٕهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿32﴾

33. He said: "My Lord! I have killed a man among them, and I fear that they will kill me.

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! بے شک میں نے ان میں سے ایک شخص قتل کردیا تھا، لہٰذا میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کردیں گے﴿33﴾

قَالَ رَبِّ اِنِّىْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿33﴾

34. "And my brother Hārūn (Aaron) — he is more eloquent in speech than me: so send him with me as a helper to confirm me. Verily, I fear that they will deny me."

اور میرا بھائی ہارون زبان کے لحاظ سے مجھ سے زیادہ فصیح ہے، لہٰذا تو اسے میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج دے کہ وہ میری تصدیق کرے، بلاشبہ میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے ﴿۳۴﴾

وَاَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا
فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ ۡ اِنِّيْٓ اَخَافُ
اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾

35. Allāh said: "We will strengthen your arm through your brother, and give you both power, so they shall not be able to harm you, with Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.); you two as well as those who follow you, will be the victors."

اللہ نے فرمایا: ہم تیرے بھائی کے ذریعے سے تیرا بازو مضبوط کر دیں گے اور تم دونوں کو غلبہ عطا کریں گے، پھر وہ تم دونوں تک نہیں پہنچ سکیں گے، ہماری نشانیوں کے ساتھ (جاؤ)، تم دونوں اور جنھوں نے تمھاری پیروی کی، غالب رہیں گے ﴿۳۵﴾

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ
لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ
اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾

36. Then when Mūsā (Moses) came to them with Our Clear *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), they said: "This is nothing but invented magic. Never did we hear of this among our fathers of old."

پھر جب موسیٰ ہماری کھلی نشانیوں کے ساتھ ان کے پاس پہنچا تو وہ بولے: یہ تو بس گھڑا ہوا جادو ہے اور ہم نے اپنے پہلے آباؤ اجداد میں تو یہ (باتیں کبھی) نہیں سنیں ﴿۳۶﴾

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا
مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّمَا سَمِعْنَا
بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۶﴾

37. Mūsā (Moses) said: "My Lord knows best him who came with guidance from Him, and whose will be the happy end in the Hereafter. Verily, the *Zālimūn* (wrong doers, polytheists and disbelievers in the Oneness of Allāh) will not be successful."

اور موسیٰ نے کہا: میرا رب اسے خوب جانتا ہے جو اس کی طرف سے ہدایت لے کر آیا اور جس کا آخرت کا انجام بہتر ہوگا، بے شک ظالم فلاح نہیں پاتے ﴿۳۷﴾

وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ
بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ
عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾

38. Fir'aun (Pharaoh) said: "O chiefs! I know not that you have an *ilāh* (a god) other than me. So kindle for me (a fire), O Hāmān, to bake (bricks out of) clay, and set up for me a *Sarhan* (a lofty tower, or palace) in order that I may look at (or look for) the *Ilāh* (God) of Mūsā (Moses); and verily, I think that he [Mūsā (Moses)] is one of the liars."

اور فرعون نے کہا: اے سردارو! میں تو اپنے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں جانتا، لہٰذا اے ہامان! تو میرے لیے گارے (کی اینٹوں) کو آگ دے، پھر میرے لیے ایک محل بنا تاکہ میں (اس پر چڑھ کر) موسیٰ کے معبود کی طرف جھانکوں، اور بلاشبہ میں اسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں ﴿۳۸﴾

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ
لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ
عَلَى الطِّيْنِ فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ
اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ
الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

39. And he and his hosts were arrogant in the land, without right, and they thought that they would never return to Us.

اور اس (فرعون) نے اور اس کے لشکروں نے زمین (مصر) میں ناحق تکبر کیا، اور انھوں نے سمجھ رکھا تھا کہ بے شک انھیں ہماری طرف لوٹایا نہیں جائے گا ﴿۳۹﴾

وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ
الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾

40. So, We seized him and his hosts, and We threw them all into the sea (and drowned them). So, behold (O Muhammad ﷺ) what was the end of the *Zālimūn* [wrong doers, polytheists and those who disbelieved in the Oneness of their Lord (Allāh), or rejected the advice of His Messenger Mūsā (Moses) عليه السلام].

چنانچہ ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑا، اور ہم نے انھیں سمندر میں پھینک دیا، تو دیکھو ان ظالموں کا انجام کیسا ہوا! (40)

فَأَخَذْنَٰهُ وَجُنُودَهُۥ فَنَبَذْنَٰهُمْ فِى ٱلْيَمِّ ۖ فَٱنظُرْ كَيْفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾

41. And We made them leaders inviting to the Fire: and on the Day of Resurrection, they will not be helped.

اور ہم نے انھیں (لوگوں کو) آگ کی طرف بلانے والے سرغنے بنا دیا، اور یوم قیامت ان کی (کوئی) مدد نہیں کی جائے گی (41)

وَجَعَلْنَٰهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى ٱلنَّارِ ۖ وَيَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ لَا يُنصَرُونَ ﴿٤١﴾

42. And We made a curse to follow them in this world, and on the Day of Resurrection, they will be among *Al-Maqbuhūn* (those who are prevented from receiving Allāh's Mercy or any good; despised or destroyed).

اور ہم نے اس دنیا میں لعنت ان کے پیچھے لگا دی، اور یوم قیامت وہ دور کیے گئے بدحالوں میں سے ہوں گے (42)

وَأَتْبَعْنَٰهُمْ فِى هَٰذِهِ ٱلدُّنْيَا لَعْنَةً ۖ وَيَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ هُم مِّنَ ٱلْمَقْبُوحِينَ ﴿٤٢﴾ ع 4 14 7

43. And indeed We gave Mūsā (Moses) — after We had destroyed the generations of old — the Scripture [the Taurāt (Torah)] as an enlightenment for mankind, and a guidance and a mercy, that they might remember (or receive admonition).

اور بلاشبہ ہم نے پہلی امتوں کو ہلاک کرنے کے بعد موسیٰ کو لوگوں کے لیے بصیرت افروز دلائل اور ہدایت اور رحمت کی کتاب دی، تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں (43)

وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا مُوسَى ٱلْكِتَٰبَ مِنۢ بَعْدِ مَآ أَهْلَكْنَا ٱلْقُرُونَ ٱلْأُولَىٰ بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٤٣﴾

44. And you (O Muhammad ﷺ) were not on the western side (of the Mount), when We made clear to Mūsā (Moses) the commandment, and you were not among the witnesses.

اور (اے نبی!) جب ہم نے موسیٰ پر امر (خاص) کی وحی کی تو آپ (طور کی) مغربی جانب نہیں تھے، اور نہ آپ (اس واقعے کے) حاضرین میں تھے (44)

وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ ٱلْغَرْبِىِّ إِذْ قَضَيْنَآ إِلَىٰ مُوسَى ٱلْأَمْرَ وَمَا كُنتَ مِنَ ٱلشَّٰهِدِينَ ﴿٤٤﴾

45. But We created generations [after generations, i.e. after Mūsā (Moses) عليه السلام], and long were the ages that passed over them. And you (O Muhammad ﷺ) were not a dweller among the people of Madyan (Midian), reciting Our Verses to them. But it is We Who kept sending (Messengers).

لیکن ہم نے کئی امتیں پیدا کیں، پھر ان پر (مدت) حیات لمبی ہوگئی، اور آپ اہل مدین میں نہیں رہتے تھے کہ ان پر ہماری آیات تلاوت کرتے، لیکن ہم ہی رسول بھیجنے والے تھے (45)

وَلَٰكِنَّآ أَنشَأْنَا قُرُونًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ ٱلْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنتَ ثَاوِيًا فِىٓ أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوا۟ عَلَيْهِمْ ءَايَٰتِنَا وَلَٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ﴿٤٥﴾

46. And you (O Muhammad ﷺ) were not at the side of the Tūr

اور آپ طور کی جانب نہیں تھے جب ہم نے (موسیٰ

وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ ٱلطُّورِ إِذْ نَادَيْنَا وَلَٰكِن

رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٤٦﴾

کو) پکارا تھا، لیکن یہ (وحی تو) آپ کے رب کی طرف سے رحمت ہے، تاکہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس اس سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا، شاید کہ وہ نصیحت حاصل کریں ﴿٤٦﴾

(Mount) when We did call [it is said that Allāh called the followers of Muhammad ﷺ, and they answered His Call, or that Allāh called Mūsā (Moses)]. But (you are sent) as a mercy from your Lord, to give warning to a people to whom no warner had come before you, in order that they may remember or receive admonition. (*Tafsir At-Tabarī*)

وَلَوْلَا أَن تُصِيبَهُم مُّصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَيَقُولُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾

اور اگر (یہ) نہ ہوتا کہ جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اس کی وجہ سے انھیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ کہتے: اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا، پھر ہم تیری آیات کی اتباع کرتے اور ہم مومنوں میں سے ہو جاتے (تو ہم رسول نہ بھیجتے) ﴿٤٧﴾

47. And if (We had) not (sent you to the people of Makkah) — in case a calamity should seize them for (the deeds) that their hands have sent forth, they would have said: "Our Lord! Why did You not send us a Messenger? We would then have followed Your *Ayāt* (Verses of the Qur'ān) and would have been among the believers."

فَلَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا لَوْلَا أُوتِيَ مِثْلَ مَا أُوتِيَ مُوسَىٰ ۚ أَوَلَمْ يَكْفُرُوا بِمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ مِن قَبْلُ ۖ قَالُوا سِحْرَانِ تَظَاهَرَا وَقَالُوا إِنَّا بِكُلٍّ كَافِرُونَ ﴿٤٨﴾

لہٰذا جب ہماری طرف سے ان کے پاس حق (قرآن) آگیا تو وہ کہنے لگے: اسے ویسے معجزے کیوں نہیں دیے گئے جیسے موسیٰ کو دیے گئے تھے؟ کیا وہ (ان معجزات کا) انکار نہیں کر چکے جو اس سے پہلے موسیٰ کو دیے گئے تھے؟ انھوں نے کہا: (یہ) دونوں (تورات اور قرآن) جادو ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں، اور انھوں نے کہا: بلاشبہ ہم ہر ایک کے منکر ہیں ﴿٤٨﴾

48. But when the truth (i.e. Muhammad ﷺ with his Message) has come to them from Us, they say: "Why is he not given the like of what was given to Mūsā (Moses)? Did they not disbelieve in that which was given to Mūsā (Moses) of old?" They say: "Two kinds of magic [the Taurāt (Torah) and the Qur'ān], each helping the other!" And they say: "Verily, in both we are disbelievers."

قُلْ فَأْتُوا بِكِتَابٍ مِّنْ عِندِ اللَّهِ هُوَ أَهْدَىٰ مِنْهُمَا أَتَّبِعْهُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٩﴾

کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو اللہ کے پاس سے کوئی ایسی کتاب لے آؤ جو (ان) دونوں سے زیادہ ہدایت والی ہو، تاکہ میں بھی اس کی اتباع کروں ﴿٤٩﴾

49. Say (to them, O Muhammad ﷺ): "Then bring a Book from Allāh, which is a better guide than these two [the Taurāt (Torah) and the Qur'ān], that I may follow it, if you are truthful."

فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءَهُمْ ۚ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥٠﴾ ع 5

پھر اگر وہ آپ کی بات قبول نہ کریں تو جان لیجیے کہ وہ صرف اپنی خواہشوں کی پیروی کر رہے ہیں، اور اس سے زیادہ گمراہ کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف سے ہدایت کے بغیر اپنی خواہش کی پیروی کرے؟ بلاشبہ اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿٥٠﴾

50. But if they answer you not (i.e. do not bring the Book nor believe in your doctrine of Islāmic Monotheism), then know that they only follow their own lusts. And who is more astray than one who follows his own

lusts, without guidance from Allāh? Verily, Allāh guides not the people who are *Zālimūn* (wrong doers, disobedient to Allāh, and polytheists).

51. And indeed now We have conveyed the Word (this Qur'ān in which is the news of everything) to them, in order that they may remember (or receive admonition).

اور بلاشبہ ہم انھیں لگاتار اپنی (ہدایت ونصیحت کی) باتیں پہنچاتے رہے، تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ﴿51﴾

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿51﴾

52. Those to whom (Jews and Christians) We gave the Scripture [i.e. the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] before it, they (i.e., their scholars) believe in it (the Qur'ān).

وہ لوگ جنھیں ہم نے اس (قرآن) سے پہلے کتاب دی تھی، وہی اس پر ایمان لاتے ہیں ﴿52﴾

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِن قَبْلِهِ هُم بِهِ يُؤْمِنُونَ ﴿52﴾

53. And when it is recited to them, they say: "We believe in it. Verily, it is the truth from our Lord. Indeed even before it we have been from those who submit themselves to Allāh in Islām as Muslims (like 'Abdullāh bin Salām and Salmān Al-Fārisī).[1]

اور جب ان پر (قرآن) تلاوت کیا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لائے، بے شک یہ ہمارے رب کی طرف سے حق ہے، بلاشبہ ہم تو اس سے پہلے ہی مسلمان تھے① ﴿53﴾

وَإِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّنَا إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ ﴿53﴾

54. These will be given their reward twice over,[2] because they are patient, and repel evil with good, and spend (in charity) out of what We have provided for them.

ان لوگوں کو ان کا دوبارا اجر دیا جائے گا کیونکہ انھوں نے صبر کیا② اور وہ بھلائی کے ساتھ برائی کو دور کرتے ہیں اور جو ہم نے انھیں رزق دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿54﴾

أُولَٰئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُم مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ﴿54﴾

55. And when they hear *Al-Laghw* (dirty, false, evil vain talk),

اور جب وہ بیہودہ بات سنتے ہیں تو وہ اس سے اعراض کر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: ہمارے لیے

وَإِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ أَعْرَضُوا عَنْهُ وَقَالُوا لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ سَلَامٌ

---

[1] (V.28:53) See the footnote of (V.5:66).

[2] (V.28:54)

a) Narrated Abū Burdah's father: Allāh's Messenger ﷺ said, "Any man who has a slave-girl whom he educates properly, teaches good manners, manumits and marries her, will get a double reward. And if any man of the people of the Scriptures (Jews and Christians) believes in his own Prophet and then believes in me (Muhammad ﷺ) too, he will (also) get a double reward. And any slave who fulfils his duty to his master and to his Lord (Allāh), will (also) get a double reward." [*Sahih Al-Bukhari*, 7/5083 (O.P.20)]

b) See the footnote of (V.3:85).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ مائدہ 5:66)

② اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو ہر قسم کے حالات میں انبیاء اور کتاب الٰہی پر ایمان لاتے اور اس پر ثابت قدم رہتے ہیں۔ وہ پہلے نبی پر ایمان لائے، اس کے بعد دوسرا نبی آ گیا تو اس پر ایمان لائے، ان کے لیے دوہرا اجر ہے۔ حدیث میں بھی یہ فضیلت بیان کی گئی ہے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا قول نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں: ”جس شخص کے پاس لونڈی ہو وہ اُسے اچھی تعلیم دے اور تربیت کرے پھر آزاد کرکے اُس سے نکاح کرے تو اسے دوہرا ثواب ہوگا اور اہل کتاب میں سے جو شخص اپنے پیغمبر پر ایمان لا کر پھر مجھ پر بھی ایمان لائے اسے دوہرا ثواب ملے گا اور جو غلام لونڈی اپنے مالکوں کا حق ادا کرکے اپنے پروردگار کا بھی حق ادا کرے تو اسے دوہرا ثواب ملے گا۔“ (صحیح البخاری، النکاح، باب: 13، حدیث: 5083)

مزید ملاحظہ فرمائیں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:85)

عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجَاهِلِينَ ﴿٥٥﴾

ہمارے اعمال ہیں اور تمھارے لیے تمھارے اعمال ہیں، تمھیں سلام ہو، ہم جاہلوں کو نہیں چاہتے ﴿۵۵﴾

they withdraw from it and say: "To us our deeds, and to you your deeds. Peace be to you. We seek not (the way of) the ignorant."

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿٥٦﴾

(اے نبی!) بے شک جسے آپ چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے، بلکہ اللہ ہی جسے چاہے ہدایت دیتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے① ﴿۵۶﴾

56. Verily, you (O Muhammad ﷺ) guide not whom you like, but Allāh guides whom He wills. And He knows best those who are the guided.[1]

وَقَالُوا إِنْ نَتَّبِعِ الْهُدَىٰ مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا ۚ أَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَهُمْ حَرَمًا آمِنًا يُجْبَىٰ إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِزْقًا مِنْ لَدُنَّا وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٥٧﴾

وہ (مشرکین مکہ) کہتے ہیں: اگر ہم نے تیرے ساتھ ہدایت کی پیروی کی تو ہمیں ہماری زمین سے اچک لیا جائے گا، کیا ہم نے انھیں پرامن حرم میں جگہ نہیں دی جس کی طرف ہر قسم کے پھل ہماری طرف سے بطور رزق کھنچ کر لائے جاتے ہیں؟② لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے ﴿۵۷﴾

57. And they say: "If we follow the guidance with you, we would be snatched away from our land." Have We not established for them a secure sanctuary (Makkah), to which are brought fruits of all kinds, a provision from Ourselves, but most of them know not.[2]

وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيشَتَهَا ۖ فَتِلْكَ مَسَاكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِنْ بَعْدِهِمْ إِلَّا قَلِيلًا ۖ وَكُنَّا نَحْنُ الْوَارِثِينَ ﴿٥٨﴾

اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو گزران زندگی (اپنے سامان زیست) پر اتراتی تھیں، چنانچہ ان کے یہ گھر (اجڑے پڑے) ہیں، ان کے بعد بہت

58. And how many a town (population) have We destroyed, which was thankless for its means of livelihood (disobeyed Allāh,

---

[1] (V.28:56) Narrated Al-Musaiyyab: When Abū Tālib was on his deathbed, the Prophet ﷺ went to him while Abū Jahl was sitting beside him. The Prophet ﷺ said: "O my uncle! Say: *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh), an expression with which I will defend your case, before Allāh." Abū Jahl and 'Abdullāh bin Umaiyyah said: "O Abū Tālib! Will you leave the religion of 'Abdul-Muttalib?" So they kept on saying this to him so that the last statement he said to them (before he died) was: "I am on the religion of 'Abdul-Muttalib." Then the Prophet ﷺ said: "I will keep on asking for Allāh's forgiveness for you unless I am forbidden to do so." Then the following Verse was revealed: "It is not proper for the Prophet and those who believe to ask Allāh's forgiveness for the *Mushrikūn* (see V.2:105) even though they be of kin, after it has become clear to them that they are the dwellers of the (Hell) Fire (because they died in a state of disbelief)." (V.9:113).
The other Verse was also revealed: "Verily, you (O Muhammad ﷺ) guide not whom you like, but Allāh guides whom He wills." (V.28:56) [*Sahih Al-Bukhari*, 5/3884 (O.P.223)]

[2] (V.28:57)
a) Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: On the day of the conquest of Makkah, Allāh's Messenger ﷺ said: "Allāh has made this town a sanctuary. Its thorny bushes should not be cut, its game should not be chased, and its fallen things should not be picked up except by one who would announce it publicly." [*Sahih Al-Bukhari*, 2/1587 (O.P.657)]
b) See the footnote of (V.2:191).

① اس کے شان نزول کا واقعہ حسب ذیل ہے۔ سعید بن مسیب رحمہ اللہ کے باپ مُسَیَّب سے روایت ہے کہ جب ابو طالب کی وفات کا وقت قریب آیا تو نبی کریم ﷺ اس کے پاس تشریف لے گئے جبکہ ابو جہل اس کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "تم [لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ] "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں" کہہ دو تا کہ اس کو میں تمہارے لیے (مغفرت وبخشش کے لیے) اللہ کے ہاں حجت بنا سکوں۔" (اس پر) ابو جہل اور عبداللہ بن أبي أمیہ کہنے لگے: اے ابو طالب! کیا تم عبدالمطلب کے دین سے پھر جاؤ گے؟ (اُس سے منہ پھیر لو گے) وہ دونوں ابو طالب سے یہی کہتے رہے۔ چنانچہ ابو طالب نے جو آخری بات کہی وہ یہ تھی: میں عبدالمطلب کے دین پر ہوں اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "میں آپ کی بخشش ومغفرت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا رہوں گا جب تک کہ مجھے ایسا کرنے سے روک نہ دیا جائے۔" تب یہ آیت نازل ہوئی: "رسول اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں یہ سزاوار نہیں کہ مشرکوں کے لیے مغفرت کی دعا مانگیں اگر چہ وہ رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں جبکہ ان پر یہ بات واضح ہو چکی کہ وہ دوزخی ہیں۔" (113/9) اور یہ آیت زیر بحث بھی نازل ہوئی: "(اے رسول!) بے شک تم جسے چاہو ہدایت نہیں دے سکتے مگر اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔" (56/28)، (صحيح البخاري، مناقب الأنصار، باب: 40، حديث: 3884)

② یہ مکے کی وہ خصوصیت ہے جس کا مشاہدہ لاکھوں حاجی اور عمرہ کرنے والے ہر سال کرتے ہیں کہ مکے میں پیداوار نہ ہونے کے باوجود نہایت فراوانی سے ہر قسم کا پھل بلکہ دنیا بھر کا سامان ملتا ہے۔ مزید ملاحظہ ہو حواشی: (سورۂ نمل: 91/27 وسورۂ بقرہ: 191/2)

تھوڑے ہی آباد ہوئے، اور ہم ہی (ان سب کے) وارث ہوئے ﴿58﴾

and His Messengers, by doing evil deeds and crimes)! And those are their dwellings, which have not been inhabited after them except a little. And verily, We have been the inheritor.

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿59﴾

اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں حتی کہ وہ ان کی کسی بڑی بستی میں کوئی رسول بھیجتا ہے، وہ ان پر ہماری آیات تلاوت کرتا ہے، اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں مگر (اسی وقت) جبکہ ان کے باشندے ظالم ہوں ﴿59﴾

59. And never will your Lord destroy the towns (populations) until He sends to their mother town a Messenger reciting to them Our Verses. And never would We destroy the towns unless the people thereof are *Zālimūn* (polytheists, wrong doers, disbelievers in the Oneness of Allāh, oppressors and tyrants).

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿60﴾ ع 15 9

اور تمھیں جو بھی چیز دی گئی ہے وہ دنیاوی زندگی کا فائدہ اور اس کی زینت ہے، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہت بہتر اور زیادہ دیرپا ہے، کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿60﴾

60. And whatever you have been given is an enjoyment of the life of (this) world and its adornment, and that (Hereafter) which is with Allāh is better and will remain forever. Have you then no sense?

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿61﴾

بھلا وہ شخص جسے ہم نے اچھا وعدہ دیا، پھر وہ اس (وعدے) کو پانے والا ہے، کیا اس شخص جیسا ہے جسے ہم نے دنیاوی زندگی کا بہت فائدہ دیا، پھر وہ قیامت کے دن (عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں سے ہوگا؟ ﴿61﴾

61. Is he whom We have promised an excellent promise (Paradise) — which he will find true — like him whom We have made to enjoy the luxuries of the life of (this) world, then on the Day of Resurrection, he will be among those brought up (to be punished in the Hell-fire)?

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿62﴾

اور جس دن اللہ انھیں پکارے گا، پھر وہ کہے گا: میرے وہ شریک کہاں ہیں جنھیں تم میرا شریک سمجھتے تھے؟ ﴿62﴾

62. And (remember) the Day when He will call to them and say: "Where are My (so-called) partners whom you used to assert?"

قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۡ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿63﴾

وہ لوگ جن پر حکم (عذاب) ثابت ہو چکا، کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی وہ لوگ ہیں جنھیں ہم نے گمراہ کیا، ہم نے انھیں ایسے گمراہ کیا جیسے ہم (خود) گمراہ ہوئے تھے، ہم تیرے سامنے اظہار براءت کرتے ہیں کہ وہ ہماری عبادت کیا ہی نہیں کرتے تھے ﴿63﴾

63. Those about whom the Word will have come true (to be punished) will say: "Our Lord! These are they whom we led astray. We led them astray, as we were astray ourselves. We declare our innocence (from them) before You. It was not us they worshipped."

وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ

اور (ان سے) کہا جائے گا: تم اپنے شریکوں کو بلاؤ،

64. And it will be said (to them): "Call upon your (so-called)

يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ ﴿٦٤﴾

چنانچہ وہ انھیں پکاریں گے تو وہ انھیں جواب نہیں دیں گے، اور وہ (سب) عذاب دیکھ لیں گے، کاش! وہ ہدایت پر چلتے ہوتے ﴿٦٤﴾

partners (of Allāh)," and they will call upon them, but they will give no answer to them, and they will see the torment. (They will then wish) if only they had been guided!

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَا أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ ﴿٦٥﴾

اور جس دن اللہ انھیں پکارے گا، تو وہ کہے گا: تم نے رسولوں کو کیا جواب دیا تھا؟ ﴿٦٥﴾

65. And (remember) the Day (Allāh) will call to them, and say: "What answer gave you to the Messengers?"

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنبَاءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَاءَلُونَ ﴿٦٦﴾

پھر اس دن ان پر خبریں پیچیدہ ہو جائیں گی، اور وہ ایک دوسرے سے سوال تک نہ کر سکیں گے ﴿٦٦﴾

66. Then the news (of a good answer) will be obscured to them on that Day, and they will not be able to ask one another.

فَأَمَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسَىٰ أَن يَكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ ﴿٦٧﴾

البتہ جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور اس نے نیک عمل کیے، تو امید ہے کہ وہ فلاح پانے والوں میں سے ہوگا ﴿٦٧﴾

67. But as for him who repented (from polytheism and sins), believed (in the Oneness of Allāh, and in His Messenger Muhammad ﷺ), and did righteous deeds (in the life of this world), then he will be among those who are successful.

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَيَخْتَارُ ۗ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿٦٨﴾

اور آپ کا رب جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور (جسے چاہتا ہے) منتخب کر لیتا ہے۔ ان (لوگوں) کے لیے کوئی اختیار نہیں، اللہ پاک ہے اور ان سے کہیں اعلیٰ ہے جنھیں وہ شریک ٹھہراتے ہیں ﴿٦٨﴾

68. And your Lord creates whatsoever He wills and chooses, no choice have they (in any matter). Glorified is Allāh, and exalted above all that they associate (as partners with Him).

وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٦٩﴾

اور آپ کا رب جانتا ہے جو کچھ ان کے سینے چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں ﴿٦٩﴾

69. And your Lord knows what their breasts conceal, and what they reveal.

وَهُوَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولَىٰ وَالْآخِرَةِ ۖ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٧٠﴾

اور وہی اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، دنیا اور آخرت میں تمام حمد اسی کے لیے ہے، اور حاکمیت و فرمانروائی بھی اسی کی ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿٧٠﴾

70. And He is Allāh; *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He), His are all praise and thanks (both) in the first (i.e. in this world) and in the last (i.e. in the Hereafter). And for Him is the Decision, and to Him shall you (all) be returned.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ سَرْمَدًا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِضِيَاءٍ ۖ أَفَلَا تَسْمَعُونَ ﴿٧١﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: دیکھو تو! اگر اللہ تم پر قیامت تک ہمیشہ کے لیے رات ہی (طاری) کر دے تو اللہ کے سوا کون الٰہ ہے جو تمھیں روشنی (دن) لا دے؟ کیا پھر تم سنتے نہیں؟ ﴿٧١﴾

71. Say (O Muhammad ﷺ): "Tell me! If Allāh made the night continuous for you till the Day of Resurrection, which *ilāh* (a god) besides Allāh could bring you light? Will you not then hear?"

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ

کہہ دیجیے: دیکھو تو! اگر اللہ تم پر قیامت تک ہمیشہ

72. Say (O Muhammad ﷺ): "Tell me! If Allāh made the day

سَرْمَدًا إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ
يَأْتِيكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُونَ فِيهِ ۖ أَفَلَا
تُبْصِرُونَ ﴿٧٢﴾

کے لیے دن ہی (طاری) کردے تو اللہ کے سوا کون
الٰہ ہے جو تمھیں رات لا دے کہ تم اس میں آرام
کر سکو؟ کیا پھر تم دیکھتے نہیں؟ ﴿٧٢﴾

continuous for you till the Day of Resurrection, which *ilāh* (a god) besides Allāh could bring you night wherein you rest? Will you not then see?"

وَمِنْ رَحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ
لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ
وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾

اور اس نے اپنی رحمت ہی سے تمھارے لیے رات
اور دن بنائے تا کہ تم اس (رات) میں آرام کرو،
اور تا کہ تم (دن میں) اس کا فضل تلاش کرو، اور شاید
کہ تم شکر کرو ﴿٧٣﴾

73. It is out of His Mercy that He has made for you the night and the day that you may rest therein (i.e. during the night) and that you may seek of His bounty (i.e. during the day) — and in order that you may be grateful.

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ
الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٧٤﴾

اور جس دن اللہ انھیں پکارے گا، پھر وہ کہے گا:
کہاں ہیں میرے وہ شریک جنھیں تم (میرا شریک)
سمجھتے تھے؟ ﴿٧٤﴾

74. And (remember) the Day when He (your Lord — Allāh) will call to them (those who worshipped others along with Allāh), and will say: "Where are My (so-called) partners, whom you used to assert?"

وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا فَقُلْنَا
هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوا أَنَّ الْحَقَّ لِلَّهِ
وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٧٥﴾ ع 7 15 10

اور ہم ہر امت میں سے ایک گواہ نکالیں گے، پھر ہم
کہیں گے: تم (میرے ساتھ شرک کرنے پر) اپنی دلیل
لاؤ، پھر وہ جان لیں گے کہ بے شک سچی بات اللہ
ہی کی ہے، اور ان سے گم ہو جائے گا جو کچھ وہ جھوٹ
گھڑتے تھے ﴿٧٥﴾

75. And We shall take out from every nation a witness, and We shall say: "Bring your proof." Then they shall know that the truth is with Allāh (Alone), and the lies (false gods) which they invented will disappear from them.

إِنَّ قَارُونَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوسَىٰ
فَبَغَىٰ عَلَيْهِمْ ۖ وَآتَيْنَاهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا
إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي
الْقُوَّةِ إِذْ قَالَ لَهُ قَوْمُهُ لَا تَفْرَحْ ۖ إِنَّ
اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِينَ ﴿٧٦﴾

بے شک قارون موسیٰ کی قوم میں سے تھا، پھر اس
نے ان پر ظلم کیا، اور ہم نے اسے اس قدر خزانے
دیے تھے کہ بلاشبہ اس کی چابیاں ایک طاقتور
(مردوں کی) جماعت پر بھاری ہوتی تھیں، (یاد کرو)
جب اس کی قوم نے اس سے کہا: تو اِترا مت، بے
شک اللہ اِترانے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿٧٦﴾

76. Verily, Qārūn (Korah) was of Mūsā's (Moses') people, but he behaved arrogantly towards them. And We gave him of the treasures, that of which the keys would have been a burden to a body of strong men. Remember when his people said to him: "Do not exult (with riches, being ungrateful to Allāh). Verily, Allāh likes not those who exult (with riches, being ungrateful to Allāh).

وَابْتَغِ فِيمَا آتَاكَ اللَّهُ الدَّارَ الْآخِرَةَ
وَلَا تَنْسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا
وَأَحْسِنْ كَمَا أَحْسَنَ اللَّهُ إِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ
الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ
الْمُفْسِدِينَ ﴿٧٧﴾

اور جو کچھ اللہ نے تجھے دیا ہے، تو اس سے آخرت کا
گھر تلاش کر، اور تو دنیا میں بھی اپنا حصہ مت بھول،
اور تو (لوگوں سے) ایسے احسان کر جیسے اللہ نے تجھ پر
احسان کیا ہے، اور تو زمین میں فساد نہ کر، بے شک
اللہ فسادیوں کو پسند نہیں کرتا ﴿٧٧﴾

77. "But seek, with that (wealth) which Allāh has bestowed on you, the home of the Hereafter, and forget not your portion of lawful enjoyment in this world; and do good as Allāh has been good to you, and seek not mischief in the land. Verily, Allāh

likes not the *Mufsidūn* (those who commit great crimes and sins, oppressors, tyrants, mischief-makers, corrupters)."

قَالَ إِنَّمَآ أُوتِيتُهُۥ عَلَىٰ عِلْمٍ عِندِىٓ ۚ أَوَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ ٱللَّهَ قَدْ أَهْلَكَ مِن قَبْلِهِۦ مِنَ ٱلْقُرُونِ مَنْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَأَكْثَرُ جَمْعًا ۚ وَلَا يُسْـَٔلُ عَن ذُنُوبِهِمُ ٱلْمُجْرِمُونَ ﴿٧٨﴾

قارون نے کہا: مجھے تو یہ (مال) محض اس علم کی بنا پر دیا گیا ہے جو میرے پاس ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا تھا کہ بے شک اللہ نے اس سے پہلے ایسے بہت سے لوگ ہلاک کر دیے تھے جو قوت میں اس سے زیادہ تھے اور لاؤ لشکر میں بڑھ کر تھے، اور مجرموں سے ان کے گناہوں کے بارے میں نہیں پوچھا جاتا ﴿٧٨﴾

78. He said: "This has been given to me only because of the knowledge I possess." Did he not know that Allāh had destroyed before him generations, men who were stronger than him in might and greater in the amount (of riches) they had collected? But the *Mujrimūn* (criminals, disbelievers, polytheists, sinners) will not be questioned of their sins (because Allāh knows them well, so they will be punished without being called to account).

فَخَرَجَ عَلَىٰ قَوْمِهِۦ فِى زِينَتِهِۦ ۖ قَالَ ٱلَّذِينَ يُرِيدُونَ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا يَـٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ أُوتِىَ قَـٰرُونُ إِنَّهُۥ لَذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ﴿٧٩﴾

پھر وہ اپنے پورے کروفر کے ساتھ اپنی قوم کے سامنے نکلا (تو) جو لوگ دنیاوی زندگی چاہتے تھے، کہنے لگے: کاش! ہمارے لیے بھی اس کے مثل ہوتا جو قارون کو دیا گیا ہے، بلاشبہ وہ بڑے نصیبے والا ہے ﴿٧٩﴾

79. So, he went forth before his people in his pomp. Those who were desirous of the life of the world, said: "Ah, would that we had the like of what Qārūn (Korah) has been given! Verily, he is the owner of a great fortune."

وَقَالَ ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ ٱللَّهِ خَيْرٌ لِّمَنْ ءَامَنَ وَعَمِلَ صَـٰلِحًا ۚ وَلَا يُلَقَّىٰهَآ إِلَّا ٱلصَّـٰبِرُونَ ﴿٨٠﴾

اور جن لوگوں کو علم دیا گیا تھا، انھوں نے کہا: افسوس تم پر! اس شخص کے لیے اللہ کا ثواب بہتر ہے جو ایمان لایا اور اس نے نیک عمل کیے، اور یہ بات صبر کرنے والوں ہی کو سکھائی جاتی ہے ﴿٨٠﴾

80. But those who had been given (religious) knowledge said: "Woe to you! The reward of Allāh (in the Hereafter) is better for those who believe and do righteous good deeds, and this none shall attain except those who are *As-Sābirūn* (the patient in following the truth)."

فَخَسَفْنَا بِهِۦ وَبِدَارِهِ ٱلْأَرْضَ فَمَا كَانَ لَهُۥ مِن فِئَةٍ يَنصُرُونَهُۥ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَمَا كَانَ مِنَ ٱلْمُنتَصِرِينَ ﴿٨١﴾

چنانچہ ہم نے اسے اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا، پھر اس کے لیے (اس کے حامیوں کی) کوئی ایسی جماعت نہ تھی جو اللہ کے مقابلے میں اس کی مدد کرتی

81. So, We caused the earth to swallow him[1] and his dwelling place. Then he had no group or party to help him against Allāh,

---

[1] (V.28:81) Chapter 5. Whoever drags his garment out of pride and arrogance (conceit).

a) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "Allāh will not look, on the Day of Resurrection, at a person who drags his *Izār** (behind him) out of pride and arrogance." [See the footnote of (V.22:9)]

b) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ (or Abul-Qāsim ﷺ) said, "While a man was walking, clad in a two-piece garment and proud of himself with his hair well-combed, suddenly Allāh made him sink into the earth and he will go on sinking into it till the Day of Resurrection."

c) Narrated 'Abdullāh (bin 'Umar رضي الله عنهما): Allāh's Messenger ﷺ said, "While a man was dragging his *Izār** on the ground (behind him), suddenly Allāh made him sink into the earth and he will go on sinking into it till the Day of Resurrection." [*Sahih Al-Bukhari*, 7/5788-5790 (O.P.679-681)].

* *Izār*: Lower-half body-cover.

nor was he one of those who could save themselves.

اور نہ وہ بدلہ لینے والوں میں تھا① (81)

وَأَصْبَحَ الَّذِينَ تَمَنَّوْا مَكَانَهُ بِالْأَمْسِ يَقُولُونَ وَيْكَأَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ ۖ لَوْلَا أَنْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۖ وَيْكَأَنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ﴿٨٢﴾ ع 8 7 11

اور جنھوں نے کل اس کے مقام و مرتبہ کی تمنا کی تھی، وہ (صبح اٹھ کر) کہنے لگے: ہائے شامت! اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہے رزق کشادہ کرتا ہے اور (جس کے لیے چاہے) تنگ کرتا ہے، اگر اللہ نے ہم پر احسان نہ کیا ہوتا تو یقیناً وہ ہمیں بھی دھنسا دیتا، ہائے شامت! کافر فلاح نہیں پاتے (82)

82. And those who had desired (for a position like) his position the day before, began to say: "Know you not that it is Allāh Who enlarges the provision or restricts it to whomsoever He pleases of His slaves. Had it not been that Allāh was Gracious to us, He could have caused the earth to swallow us up (also)! Know you not that the disbelievers will never be successful."

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۚ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٨٣﴾

وہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کو دیں گے جو زمین میں نہ بڑائی چاہتے ہیں اور نہ فساد، اور (اچھا) انجام تو پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے② (83)

83. That home of the Hereafter (i.e. Paradise), We shall assign to those who rebel not against the truth with pride[1] and oppression in the land nor do mischief (by committing crimes). And the good end is for the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِنْهَا ۖ وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٨٤﴾

جو کوئی نیکی لائے گا تو اس کے لیے اس سے بہتر (بدلہ) ہوگا، اور جو کوئی برائی لائے گا تو برے عمل کرنے والوں کو وہی بدلہ دیا جائے گا جو وہ عمل کرتے تھے (84)

84. Whosoever brings good (Islāmic Monotheism along with righteous deeds), he shall have the better thereof; and whosoever brings evil (polytheism along with evil deeds), then those who do evil deeds will only be requited for what they used to do.

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ ۚ قُلْ رَبِّي أَعْلَمُ مَنْ جَاءَ بِالْهُدَىٰ وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿٨٥﴾

بلاشبہ وہ (اللہ) جس نے آپ پر قرآن نازل کیا، یقیناً وہ آپ کو (اچھے) انجام تک پہنچانے والا ہے، کہہ دیجیے: میرا رب خوب جانتا ہے کہ کون ہدایت کے ساتھ آیا اور کون کھلی گمراہی میں ہے (85)

85. Verily, He Who has given you (O Muhammad ﷺ) the Qur'ān (i.e. ordered you to act on its laws and to preach it to others), will surely bring you back to *Ma'ād* (place of return, either to Makkah or to Paradise after your death). Say (O Muhammad ﷺ):

---

[1] (V.28:83) See the footnote of (V.22:9)

① یہ ہے وہ انجام جو تکبر کرنے والوں کا ہوتا ہے، اسی لیے احادیث میں آتا ہے کہ از راہ فخر و تکبر پاجامہ یا شلوار وغیرہ زمین پر گھسیٹ کر چلنے والا بھی برے انجام سے دوچار ہوگا۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف دیکھے گا بھی نہیں جو از راہ فخر و غرور اپنی ازار (چادر، تہ بند، پاجامہ، پتلون، شلوار) کو گھسیٹ کر چلتا ہے۔'' (صحیح البخاری، اللباس، باب: 5، حدیث: 5788) دوسری روایت میں آپ ﷺ نے فرمایا: ''ایک شخص جوڑا پہنے ہوئے کنگھی کیے ہوئے اتراتا ہوا جا رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا، چنانچہ وہ قیامت تک زمین میں دھنستا ہی چلا جائے گا۔'' (حوالہ مذکور، حدیث: 5790) ایک اور روایت میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایک آدمی اپنی ازار کو زمین پر گھسیٹتے ہوئے جا رہا تھا کہ اچانک اسے زمین میں دھنسا دیا گیا تو قیامت تک وہ زمین میں دھنستا ہی چلا جائے گا۔'' (حوالہ مذکور، حدیث: 5790)

② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ حج: 9/22)

"My Lord is Aware of him who brings guidance, and of him who is in manifest error."

وَمَا كُنْتَ تَرْجُوٓا أَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾

اور آپ امید نہیں رکھتے تھے کہ آپ کی طرف (یہ) کتاب وحی کی جائے گی مگر یہ آپ کے رب کی رحمت ہی سے (وحی کی گئی) ہے، لہٰذا آپ کافروں کے مددگار ہرگز نہ ہوں ﴿۸۶﴾

86. And you were not expecting that the Book (this Qur'ān) would be sent down to you, but it is a mercy from your Lord. So never be a supporter of the disbelievers.

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٨٧﴾

اور وہ (کافر) آپ کو اللہ کی آیات (کی تبلیغ) سے نہ روک دیں اس کے بعد کہ وہ آپ کی طرف اتاری گئیں اور آپ (انھیں) اپنے رب کی طرف بلائیں، اور مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہوں ﴿۸۷﴾

87. And let them not turn you (O Muhammad ﷺ) away from (preaching) the *Ayāt* (revelations and verses) of Allāh after they have been sent down to you: and invite (men) to (believe in) your Lord[1] and be not of *Al-Mushrikūn* (those who associate partners with Allāh, e.g. polytheists, pagans, idolaters, and those who disbelieve in the Oneness of Allāh and deny the Prophethood of Messenger Muhammad ﷺ).

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٨﴾

اور آپ اللہ کے ساتھ کسی اور الٰہ کو مت پکاریں، اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے اس کے چہرے کے، اسی کی حاکمیت و فرمانروائی ہے اور تم (سب) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۸۸﴾

88. And invoke not any other *ilāh* (god) along with Allāh, *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He). Everything will perish except His Face. His is the Decision, and to Him you (all) shall be returned.

Sūrat Al-'Ankabūt (The Spider) 29

سورۂ عنکبوت

آیاتها 69 (29) سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ (85) رکوعاتها 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

الٓمّٓ ﴿١﴾

الٓمّٓ ﴿۱﴾

1. *Alif-Lām-Mīm.*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿٢﴾

کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ صرف یہ کہنے پر چھوڑ دیے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور انھیں آزمایا نہیں جائے گا ﴿۲﴾

2. Do people think that they will be left alone because they say: "We believe," and will not be tested.

[1] (V.28:87) i.e., in the Oneness (*Tauhīd*) of Allāh — (1) Oneness of the Lordship of Allāh; (2) Oneness of the worship of Allāh; (3) Oneness of the Names and Qualities of Allāh.

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۖ فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِينَ ③

اور البتہ تحقیق ہم نے ان لوگوں کو آزمایا ہے جو ان سے پہلے تھے، چنانچہ اللہ ان لوگوں کو ضرور ظاہر کرے گا جنھوں نے سچ بولا، اور وہ ضرور ظاہر کرے گا ان کو جو جھوٹے ہیں③

3. And We indeed tested those who were before them. And Allāh will certainly make (it) known (the truth of) those who are true, and will certainly make (it) known (the falsehood of) those who are liars, (although Allāh knows all that before putting them to test).

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ أَن يَسْبِقُونَا ۚ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ④

کیا جو لوگ برے عمل کرتے ہیں انھوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ ہم سے بچ کر نکل جائیں گے۔ بہت برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں④

4. Or think those who do evil deeds that they can outstrip Us (i.e. escape Our punishment)? Evil is that which they judge!

مَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ اللَّهِ فَإِنَّ أَجَلَ اللَّهِ لَآتٍ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ⑤

جو شخص اللہ سے ملاقات کی امید رکھتا ہے① تو (وہ جان لے کہ) بلاشبہ اللہ کا وعدہ ضرور آنے والا ہے، اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے⑤

5. Whoever hopes for the Meeting[1] with Allāh, then Allāh's Term is surely coming, and He is the All-Hearer, the All-Knower.

وَمَن جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ ⑥

اور جو شخص جہاد کرے تو بس وہ اپنے ہی فائدے کے لیے جہاد کرتا ہے، بے شک اللہ تمام جہان والوں سے بے نیاز ہے⑥

6. And whosoever strives, he strives only for himself. Verily, Allāh stands not in need of any of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists).

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ⑦

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ہم ان سے ان کی برائیاں ضرور مٹا دیں گے اور جو عمل وہ کرتے رہے، ہم انھیں ضرور ان کی بہترین جزا دیں گے②⑦

7. Those who believe [in the Oneness of Allāh (Monotheism) and in Messenger Muhammad ﷺ, and do not give up their Faith because of the harm they receive from the polytheists], and do righteous good deeds, surely, We shall expiate from them their evil deeds and shall reward them according to the best of that which they used to do.[2]

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۖ وَإِن جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ⑧

اور ہم نے انسان کو اپنے والدین سے نیک سلوک کرنے کی وصیت کی، اور اگر وہ دونوں تجھ پر زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہرائے جس کا تجھے علم نہیں تو ان دونوں کی اطاعت نہ کرنا، میری ہی طرف تمھیں لوٹ کر آنا ہے، پھر میں تمھیں بتاؤں گا جو کچھ تم عمل کرتے تھے⑧

8. And We have enjoined on man to be good and dutiful to his parents; but if they strive to make you join with Me (in worship) anything (as a partner) of which you have no knowledge, then obey them not. To Me is your return and I shall tell you what you used to do.

---

[1] (V.29:5) See (V.6:31) and its footnote.
[2] (V.29:7) See the footnote of (V.9:121).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ انعام: 31/6)
② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ توبہ: 121/9)

9. And for those who believe (in the Oneness of Allāh and the other articles of Faith)[1] and do righteous good deeds, surely, We shall make them enter with (in the entrance of) the righteous (in Paradise).

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ہم انھیں نیک لوگوں میں ضرور داخل کریں گے① ⑨

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ⑨

10. Of mankind are some who say: "We believe in Allāh." But if they are made to suffer for the sake of Allāh, they consider the trial of mankind as Allāh's punishment; and if victory comes from your Lord, (the hypocrites) will say: "Verily, we were with you (helping you)." Is not Allāh Best Aware of what is in the breasts of the *'Ālamīn* (mankind and jinn)?

اور لوگوں میں سے بعض وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے، پھر جب اللہ کی راہ میں انھیں ایذا دی جاتی ہے تو وہ لوگوں کے ستانے کو اللہ کے عذاب کے برابر ٹھہراتے ہیں، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے مدد آجائے تو وہ ضرور کہیں گے: بے شک ہم تمھارے ساتھ تھے، کیا جو کچھ جہان والوں کے سینوں میں ہے اللہ اُسے خوب جاننے والا نہیں ⑩

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ۭ وَلَىِٕنْ جَاۗءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۭ اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ⑩

11. Verily, Allāh knows those who believe, and verily, He knows the hypocrites (i.e. Allāh will test the people with good and hard days to discriminate the good from the wicked, although Allāh knows all that before putting them to test).

اور اللہ انھیں ضرور ظاہر کرے گا جو ایمان لائے اور وہ منافقوں کو بھی ضرور ظاہر کرے گا ⑪

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ⑪

12. And those who disbelieve say to those who believe: "Follow our way and we will, verily, bear your sins." Never will they bear anything of their sins. Surely, they are liars.

اور جن لوگوں نے کفر کیا انھوں نے ایمان والوں سے کہا: تم ہمارے راستے کی پیروی کرو، اور ہم تمھارے گناہ اٹھا لیں گے، حالانکہ وہ ان کے گناہوں میں سے کچھ بھی نہیں اٹھائیں گے، بے شک وہ جھوٹے ہیں ⑫

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ⑫

13. And verily, they shall bear their own loads, and other loads besides their own; and verily, they shall be questioned on the Day of Resurrection about that which they used to fabricate.

اور یقیناً وہ اپنے بوجھ اور اپنے بوجھوں کے ساتھ کئی اور بوجھ ضرور اٹھائیں گے، اور جو کچھ وہ جھوٹ گھڑتے رہے، روز قیامت ان کے متعلق ان سے ضرور پوچھا جائے گا ⑬

وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ⑬ ع 13

14. And indeed We sent Nūh (Noah) to his people, and he stayed among them a thousand years less fifty years [inviting them to believe in the Oneness of Allāh (Monotheism), and discard

اور بلاشبہ ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا، چنانچہ وہ ان میں پچاس کم ایک ہزار سال رہا، پھر انھیں طوفان نے اس حال میں پکڑ لیا کہ وہ ظالم تھے ⑭

کیا وہ کہتے ہیں کہ اس (نبی) نے اسے خود گھڑ لیا ہے، (نہیں) بلکہ وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے، تاکہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا، شاید کہ وہ ہدایت پائیں ③

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ③

4. Allāh it is He Who has created the heavens and the earth, and all that is between them in six Days. Then He rose over (*Istawā*) the Throne (in a manner that suits His Majesty). You (mankind) have none, besides Him, as a *Walī* (protector or helper) or an intercessor. Will you not then remember (or receive admonition)?

اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر وہ عرش پر مستوی ہوا، اس کے سوا تمھارا کوئی دوست ہے اور نہ کوئی سفارشی، کیا پھر تم نصیحت نہیں پکڑتے؟ ④

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ④

5. He manages and regulates (every) affair from the heavens to the earth; then it (affair) will go up to Him, in one Day, the space whereof is a thousand years of your reckoning (i.e. reckoning of our present world's time).

وہی آسمان سے زمین تک (سارے) معاملے کی تدبیر کرتا ہے، پھر ایک دن میں، جس کی مقدار تمھارے شمار کے مطابق ایک ہزار سال ہے، وہ (معاملہ) اسی کی طرف چڑھتا ہے ⑤

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ⑤

6. That is He, the All-Knower of the unseen and the seen, the All-Mighty, the Most Merciful.

وہ (مدبر ہی) چھپے اور ظاہر کا جاننے والا، نہایت غالب، خوب رحم کرنے والا ہے ⑥

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ⑥

7. Who made everything He has created good and He began the creation of man from clay.

جس نے ہر چیز کو اچھے طریقے سے پیدا کیا، اور اس نے تخلیق انسان کی ابتدا مٹی سے کی ⑦

الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ⑦

8. Then He made his offspring from semen of despised water (male and female sexual discharge).

پھر اس کی نسل ایک حقیر پانی کے جوہر (نطفے) سے چلائی ⑧

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ مَّهِيْنٍ ⑧

9. Then He fashioned him in due proportion, and breathed into him the soul (created by Allāh for that person); and He gave you hearing (ears), sight (eyes) and hearts. Little is the thanks you give!

پھر اس (کے اعضاء) کو درست کیا اور اس میں اپنی روح پھونکی، اور اس نے تمھارے کان، آنکھیں اور دل بنائے، تم کم ہی شکر کرتے ہو ⑨

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑨

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ
خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ
كٰفِرُوْنَ ⑩

اور ان لوگوں (کافروں) نے کہا: کیا جب ہم زمین میں گم ہو جائیں گے تو کیا ضرور ہم نئی پیدائش میں (ظاہر) ہوں گے؟ (نہیں!) بلکہ وہ تو اپنے رب کی ملاقات ہی کے منکر ہیں⑩

10. And they say: "When we are (dead and become) lost in the earth, shall we indeed be created anew?" Nay, but they deny the Meeting with their Lord!

قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ
بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ⑪ ع 11 14

کہہ دیجیے: تمھیں موت کا فرشتہ فوت کرتا ہے، جو تم پر مقرر کیا گیا ہے، پھر تم اپنے رب ہی کی طرف لوٹائے جاؤ گے⑪

11. Say: "The angel of death, who is set over you, will take your souls. Then you shall be brought to your Lord."

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا
رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا
وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا
مُوْقِنُوْنَ ⑫

کاش! آپ دیکھیں جب مجرم اپنے رب کے حضور سر جھکائے (پیش) ہوں گے، (وہ کہیں گے:) اے ہمارے رب! ہم نے دیکھ لیا اور ہم نے سن لیا، لہٰذا ہمیں واپس بھیج کہ ہم نیک عمل کریں، بے شک ہم یقین کرنے والے ہیں⑫

12. And if you only could see when the *Mujrimūn* (criminals, disbelievers, polytheists, sinners) shall hang their heads before their Lord (saying): "Our Lord! We have now seen and heard, so send us back (to the world) that we will do righteous good deeds. Verily, we now believe with certainty."

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا
وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ⑬

اور اگر ہم چاہتے تو ہم ہر شخص کو اس کی ہدایت دے دیتے، لیکن میری طرف سے بات ثابت ہو گئی کہ میں جہنم کو جنوں اور انسانوں، سب سے ضرور بھروں گا⑬

13. And if We had willed, surely We would have given every person his guidance, but the Word from Me took effect (about evildoers), that I will fill Hell with jinn and mankind together.

فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا
نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑭

چنانچہ تم (عذاب) چکھو اس لیے کہ تم نے اپنے اس دن کی ملاقات بھلائے رکھی، بے شک (آج) ہم نے بھی تمھیں بھلا دیا، اور جو (برے) عمل تم کرتے تھے، ان کی وجہ سے تم ہمیشہ کا عذاب چکھو⑭

14. Then taste you (the torment of the Fire) because of your forgetting the Meeting of this Day of yours. Surely, We too will forget you, so taste you the abiding torment for what you used to do.

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا
خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ
وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ⑮ السجدة 9

ہماری آیتوں پر تو صرف وہی لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب انھیں ان کے ساتھ نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں، اور وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتے ہیں، اور وہ تکبر نہیں کرتے①⑮

15. Only those believe in Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), who, when they are reminded of them, fall down prostrate, and glorify the Praises of their Lord, and they are not proud.[1] •

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ

ان کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں② (اور) وہ

16. Their sides forsake their beds,

[1] (V.32:15) See the footnote of (V.22:9).

• (V.32:15) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ حج 22:9)

② اس کی تفسیر میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث ہے، نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: "کیا میں تمھیں نیکی کے دروازے نہ بتاؤں؟ (اور وہ یہ ہیں:) ① روزہ: دوزخ کے
خلاف ڈھال ہے ② صدقہ: گناہوں کو اس طرح مٹاتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھا دیتا ہے ③ "اللہ کے بندے کا رات کے آخری تہائی حصے میں نماز پڑھنا۔" پھر آپ ﷺ نے یہ آیت

رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ز وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿16﴾

اپنے رب کو خوف اور امید سے پکارتے ہیں، اور جو ہم نے انھیں رزق دیا ہے اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں★ ﴿16﴾

to invoke their Lord in fear and hope, and they spend (in charity in Allāh's Cause) out of what We have bestowed on them.[1]

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءً ۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿17﴾

کوئی شخص نہیں جانتا کہ (ان کے اعمال کے بدلے میں) ان کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک کی کون کون سی چیزیں پوشیدہ رکھی گئی ہیں ﴿17﴾

17. No person knows what is kept hidden for them of joy as a reward for what they used to do.[2]

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ط لَا يَسْتَوٗنَ ﴿18﴾

کیا پھر مومن ایسے ہو سکتا ہے جیسے فاسق، وہ (کبھی) برابر نہیں ہو سکتے ﴿18﴾

18. Is then he who is a believer like him who is a *Fâsiq* (disbeliever and disobedient to Allāh)? Not equal are they.

اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ز نُزُلًا ۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿19﴾

لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ان کے لیے رہنے کے باغات ہیں، ان اعمال کے بدلے میں مہمانی ہے جو وہ کیا کرتے تھے ﴿19﴾

19. As for those who believe (in the Oneness of Allāh — Islâmic Monotheism) and do righteous good deeds, for them are Gardens (Paradise) of Abode as an entertainment for what they used to do.

وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ط كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿20﴾

اور لیکن جن لوگوں نے نافرمانی کی تو ان کا ٹھکانا آگ ہے، جب بھی وہ ارادہ کریں گے کہ وہ اس سے نکلیں تو انھیں اسی میں لوٹا دیا جائے گا، اور ان سے کہا جائے گا کہ اس آگ کا عذاب چکھو جسے تم جھٹلاتے تھے ﴿20﴾

20. And as for those who are *Fâsiqûn* (disbelievers and disobedient to Allāh), their abode will be the Fire, every time they wish to get away therefrom, they will be put back thereto, and it will be said to them: "Taste you the torment of the Fire which you used to deny."

وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿21﴾

اور ہم (آخرت کے) بڑے عذاب سے پہلے انھیں (دنیا کا) چھوٹا عذاب ضرور چکھائیں گے شاید وہ (ہماری طرف) رجوع کریں ﴿21﴾

21. And verily, We will make them taste of the near torment (i.e. the torment in the life of this world, i.e. disasters, calamities) prior to the supreme torment (in the Hereafter), in order that they may (repent and) return (i.e. accept Islâm).

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ

اور اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جسے اس کے

22. And who does more wrong

★ بقیہ حاشیہ: سجدہ، آیت: 16.
تلاوت فرمائی: "ان کی کروٹیں اپنے بستروں سے الگ رہتی ہیں۔" (جامع الترمذی، الإیمان، باب ما جاء في حرمة الصلاة، حدیث: 2616 و تفسیر القرطبی: 14/100) گویا کروٹوں کا بستروں سے الگ رہنے کا مطلب، رات کی تنہائی میں نرم گرم بستر چھوڑ کر قیام اللیل یعنی اللہ کی عبادت کرنا ہے۔

[1] (V.32:16) Narrated Mu'âdh bin Jabal رضي الله عنه: The Prophet (Allāh's Messenger ﷺ) said to him: "May I show you the gates of goodness? (They are): (1) Fasting is a screen from Hell. (2) *As-Sadaqâh* (deeds of charity in Allāh's Cause) extinguishes (removes) the sins, as the water extinguishes the fire. (3) Standing in *Salât* (performing of prayers) by a person during the middle (or the last third) part of a night." Then Prophet ﷺ recited: "Their sides forsake their beds." (V.32:16) (*Abû Dâwûd* and *At-Tirmidhi*) (*Tafsîr Al-Qurtubi*)

[2] (V.32:17) See the footnote (b) of (V.51:30)

أَعْرَضَ عَنْهَا ۚ إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنْتَقِمُونَ ﴿٢٢﴾ ع 2 11 15

رب کی آیات کے ساتھ نصیحت کی گئی، پھر اس نے ان سے اعراض کیا، یقیناً ہم مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں ﴿22﴾

than he who is reminded of the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of his Lord, then turns aside therefrom? Verily, We shall exact retribution from the *Mujrimūn* (criminals, disbelievers, polytheists, sinners).

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُن فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَائِهِ ۖ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿٢٣﴾

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی، لہٰذا (اے نبی!) آپ اس کی ملاقات کے متعلق شک میں نہ رہیں،① اور ہم نے اس (تورات) کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا ﴿23﴾

23. And indeed We gave Mūsā (Moses) the Scripture [the Taurāt (Torah)]. So, be not you in doubt of meeting him [i.e. when you met Mūsā (Moses) during the night of *Al-Isrā'* and *Al-Mi'rāj*[1] over the heavens]. And We made it [the Taurāt (Torah)] a guide to the Children of Israel.

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ ﴿٢٤﴾

اور جب انھوں نے صبر کیا تو ہم نے ان میں کچھ ایسے پیشوا بنائے جو ہمارے حکم سے رہنمائی کرتے تھے اور وہ ہماری آیات پر یقین رکھتے تھے ﴿24﴾

24. And We made from among them (Children of Israel), leaders, giving guidance under Our Command, when they were patient and used to believe with certainty in Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.).

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٢٥﴾

بلاشبہ آپ کا رب ہی روز قیامت ان کے مابین اس کا فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے ﴿25﴾

25. Verily, your Lord will judge between them on the Day of Resurrection, concerning that wherein they used to differ.

أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ ۖ أَفَلَا يَسْمَعُونَ ﴿٢٦﴾

کیا ان پر واضح نہیں ہوا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتیں ہلاک کر دیں جن کے گھروں میں (اب) وہ چلتے پھرتے ہیں۔ بے شک اس میں عظیم نشانیاں ہیں، کیا پھر وہ سنتے نہیں ﴿26﴾

26. Is it not a guidance for them, how many generations We have destroyed before them in whose dwellings they do walk about? Verily, therein indeed are signs. Would they not then listen?

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا تَأْكُلُ مِنْهُ أَنْعَامُهُمْ وَأَنفُسُهُمْ ۖ أَفَلَا يُبْصِرُونَ ﴿٢٧﴾

کیا انھوں نے دیکھا نہیں کہ بے شک ہم پانی کو بنجر زمین کی طرف بہا لے جاتے ہیں، پھر ہم اس کے ذریعے سے کھیتی نکالتے ہیں، اس سے ان کے چوپائے اور وہ خود بھی کھاتے ہیں، کیا پھر وہ غور نہیں کرتے ﴿27﴾

27. Have they not seen how We drive water to the barren land, and therewith bring forth crops providing food for their cattle and themselves? Will they not then see?

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْفَتْحُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٨﴾

اور وہ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو تو (بتاؤ) یہ فیصلہ کب ہوگا؟ ﴿28﴾

28. They say: "When will this *Fath* (Decision) be (between us

[1] (V.32:23) *Al-Mi'rāj* (المعراج) — see the footnote of (V.53:12), *Hadīth* No. 429.

① کہا جاتا ہے کہ یہ اشارہ اس ملاقات کی طرف ہے جو معراج کی رات نبی ﷺ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان ہوئی۔ معراج کے لیے دیکھیے: (حاشیہ سورۂ نجم: 12/53 و صحیح البخاری، حدیث: 3207)

and you, i.e. the Day of Resurrection), if you are telling the truth?"

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوٓا إِيمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٢٩﴾

کہہ دیجیے: فیصلے کے دن کافروں کو ان کا ایمان لانا نفع نہیں دے گا اور نہ انھیں مہلت ہی دی جائے گی ﴿٢٩﴾

29. Say: "On the Day of *Al-Fath* (Decision), no profit will it be to those who disbelieve if they (then) believe! Nor will they be granted a respite."

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ إِنَّهُمْ مُنْتَظِرُونَ ﴿٣٠﴾ ع 3 / 8 / 16

چنانچہ آپ ان سے اعراض کریں، اور انتظار کریں، بے شک وہ بھی انتظار کر رہے ہیں ﴿٣٠﴾

30. So, turn aside from them (O Muhammad ﷺ) and await, verily, they (too) are awaiting.

سورة الأحزاب مدنية (٣٣) — آياتها ٧٣ — ركوعاتها ٩

سورۂ احزاب

Sūrat Al-Aḥzāb (The Confederates) 33

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

يَٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَٰفِرِينَ وَالْمُنَٰفِقِينَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١﴾

اے نبی! اللہ سے ڈرتے رہیے، اور کافروں اور منافقوں کی اطاعت نہ کیجیے، بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ﴿١﴾

1. O Prophet (Muhammad ﷺ)! Keep your duty to Allāh, and obey not the disbelievers and the hypocrites (i.e., do not follow their advice). Verily, Allāh is Ever All-Knower, All-Wise.

وَاتَّبِعْ مَا يُوحَىٰٓ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿٢﴾

اور اس کی اتباع کیجیے جو آپ کے رب کی طرف سے آپ پر وحی کی جاتی ہے، بے شک تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے ﴿٢﴾

2. And follow that which is revealed to you from your Lord. Verily, Allāh is Well-Acquainted with what you do.

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٣﴾

اور آپ اللہ پر توکل کیجیے، اور اللہ بطور کارساز کافی ہے ﴿٣﴾

3. And put your trust in Allāh, and Sufficient is Allāh as a *Wakīl* (Trustee or Disposer of affairs).

مَا جَعَلَ اللَّهُ لِرَجُلٍ مِنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ ۚ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّٰٓئِي تُظَٰهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَآءَكُمْ أَبْنَآءَكُمْ ۚ ذَٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَٰهِكُمْ ۖ وَاللَّهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ ﴿٤﴾

اللہ نے کسی شخص کے سینے میں دو دل نہیں رکھے۔ اور تم اپنی جن بیویوں کو ماں کہہ بیٹھتے ہو، انھیں اس (اللہ) نے تمھاری مائیں نہیں بنایا،① اور نہ اس نے تمھارے لے پالکوں (منہ بولے بیٹوں) کو تمھارے (حقیقی) بیٹے بنایا ہے، یہ تو تمھارے اپنے مونہوں کی باتیں ہیں، اور اللہ حق (بات) کہتا ہے، اور وہی (سیدھا) راستہ دکھاتا ہے ﴿٤﴾

4. Allāh has not made for any man two hearts inside his body. Neither has He made your wives whom you declare to be like your mothers' backs, your real mothers [*Az-Zihār* is the saying of a husband to his wife, "You are to me like the back of my mother," i.e., you are unlawful for me to approach][1] nor has He made your adopted sons your real sons. That is but your saying with your mouths. But Allāh says the truth, and He guides to the (Right) Way.

---

[1] (V.33:4) See (V.58: 2-4).

① ملاحظہ ہو: (سورۂ مجادلہ 58/2-4)

ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ ۚ
فَإِنْ لَمْ تَعْلَمُوا آبَاءَهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي
الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ ۚ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ
فِيمَا أَخْطَأْتُمْ بِهِ وَلَٰكِنْ مَا تَعَمَّدَتْ
قُلُوبُكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ⑤

ان (لے پالکوں) کو ان کے (حقیقی) باپوں کی نسبت سے پکارو، اللہ کے نزدیک یہ بہت انصاف کی بات ہے، پھر اگر تمھیں ان کے باپوں کا علم نہ ہو تو وہ تمھارے دینی بھائی اور تمھارے دوست ہیں، اور اس معاملے میں تم بھول چوک جاؤ تو اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں اور لیکن تمھارے دل جس بات کا عزم کرلیں (تو وہ گناہ ہے)، اور اللہ بہت بخشنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے⑤

5. Call them (adopted sons) by (the names of) their fathers, that is more just with Allāh. But if you know not their father's (names, call them) your brothers in Faith and *Mawālīkum* (your freed slaves). And there is no sin on you concerning that in which you made a mistake,[1] except in regard to what your hearts deliberately intend. And Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.

النَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ
وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ ۗ وَأُولُو الْأَرْحَامِ
بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ مِنَ
الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ إِلَّا أَنْ تَفْعَلُوا
إِلَىٰ أَوْلِيَائِكُمْ مَعْرُوفًا ۚ كَانَ ذَٰلِكَ فِي
الْكِتَابِ مَسْطُورًا ⑥

نبی مومنوں پر ان کی (اپنی) جانوں سے زیادہ حق رکھتے ہیں،① اور نبی کی بیویاں ان کی مائیں ہیں، اور رشتے دار اللہ کی کتاب کی رو سے (دوسرے) مومنین اور مہاجرین کی نسبت آپس میں (ترکے کے) زیادہ حقدار ہیں، مگر تم اپنے دوستوں سے کوئی بھلائی کرنا چاہو (تو کرسکتے ہو)، یہ کتاب الٰہی میں لکھا ہوا ہے⑥

6. The Prophet is closer to the believers than their ownselves,[2] and his wives are their (believers') mothers (as regards respect and marriage). And blood relations among each other have closer personal ties in the Decree of Allāh (regarding inheritance) than (the brotherhood of) the believers and the *Muhājirūn* (emigrants from Makkah), except that you do kindness to those brothers (when the Prophet ﷺ joined them in brotherhood ties). This has been written in the (Allāh's Book of Divine) Decrees — (*Al-Lauh Al-Mahfūz*)."

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ
وَمِنْكَ وَمِنْ نُوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ
وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۖ وَأَخَذْنَا مِنْهُمْ
مِيثَاقًا غَلِيظًا ⑦

اور (اے نبی! یاد کریں) جب ہم نے تمام نبیوں سے ان کا عہد لیا، اور آپ سے بھی اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ ابن مریم سے بھی،② اور ان سے ہم نے پختہ عہد لیا⑦

7. And (remember) when We took from the Prophets their covenant, and from you (O Muhammad ﷺ), and from Nūh (Noah), Ibrāhīm (Abraham), Mūsā (Moses), and 'Īsā (Jesus)

---

[1] (V.33:5) See the footnote of (V.18:73).

[2] (V.33:6) Narrated 'Abdullāh bin Hishām رضي الله عنه: We were with the Prophet ﷺ and he was holding the hand of 'Umar bin Al-Khattāb. 'Umar said to him, "O Allāh's Messenger! You are dearer to me than everything except my ownself." The Prophet ﷺ said, "No, by Him in Whose Hand my soul is, (you will not have complete Faith) till I am dearer to you than your ownself." Then 'Umar said to him, "Now, by Allāh, you are dearer to me than my ownself." The Prophet ﷺ said, "Now, O 'Umar (now you are a believer)." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6632 (O.P.628)]

① مطلب یہ ہے کہ مومنوں کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اپنے نفسوں سے بھی زیادہ محبت ہونی چاہیے، چنانچہ حدیث میں ہے، نبی ﷺ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ تھامے ہوئے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ مجھے ہر شے سے بڑھ کر عزیز ہیں سوائے میری اپنی جان کے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! (تمھارا ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوگا) جب تک تم اپنی جان سے بھی زیادہ مجھ سے محبت نہیں کرو گے۔" (یہ سن کر) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: (اگر ایسا ہے تو) اللہ کی قسم! اب آپ مجھے میری جان سے بھی بڑھ کر محبوب ہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اب اے عمر! (تم مومن ہو۔)" (صحيح البخاري، الإيمان والنذور، باب: 3 حديث: 6632)

② اللہ تعالیٰ نے بہت بڑی تعداد میں پیغمبر اور انبیاء علیہم السلام بھیجے ہیں جن میں سے قرآن پاک میں تقریباً پچیس کا ذکر موجود ہے، ان پچیس میں [أولو العزم] صرف پانچ ہی ہیں: ① محمد ﷺ ② نوح ③ ابراہیم ④ موسیٰ اور ⑤ عیسیٰ علیہم السلام، اس آیت میں ان پانچوں انبیاء کا ذکر ہے۔

son of Maryam (Mary). We took from them a strong covenant.[1]

لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑧ ع 1/8 17

تاکہ اللہ سچوں سے ان کی سچائی کے متعلق پوچھے، اور اس نے کافروں کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے⑧

8. That He may ask the truthful (Allāh's Messengers and His Prophets) about their truth (i.e. the conveyance of Allāh's Message that which they were charged with). And He has prepared for the disbelievers a painful torment (Hell-fire).

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ ⑨

اے ایمان والو! تم اپنے اوپر اللہ کا احسان یاد کرو، جب تمھیں (کفار کے) لشکروں نے آلیا تھا، پھر ہم نے ان پر آندھی اور (فرشتوں کے) ایسے لشکر بھیجے جنھیں تم نے دیکھا نہیں، اور تم جو عمل کرتے ہو، اللہ اسے خوب دیکھ رہا ہے⑨

9. O you who believe! Remember Allāh's Favour to you, when there came against you hosts, and We sent against them a wind and forces that you saw not [i.e. troops of angels during the battle of *Al-Ahzāb* (the Confederates)]. And Allāh is Ever All-Seer of what you do.

اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ⑩

جب دشمن تم پر تمھارے اوپر (کی طرف) سے اور تمھارے نیچے (کی طرف) سے چڑھ آئے، اور جب آنکھیں (خوف و ہراس کی وجہ سے اصل جگہ سے) ہٹ گئیں، اور کلیجے حلقوں کو پہنچ گئے، اور تم اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے⑩

10. When they came upon you from above you and from below you, and when the eyes grew wild and the hearts reached to the throats, and you were harbouring doubts about Allāh.

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ⑪

وہاں مومن آزمائے گئے اور شدت سے ہلا مارے گئے⑪

11. There, the believers were tried and shaken with a mighty shaking.

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ⑫

اور جب منافق اور جن لوگوں کے دلوں میں مرض تھا، کہہ رہے تھے: اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے نہیں وعدہ کیا مگر دھوکے فریب کا⑫

12. And when the hypocrites and those in whose hearts is a disease (of doubts) said: "Allāh and His Messenger (ﷺ) promised us nothing but delusion!"

وَاِذْ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ⑬

اور جب ان میں سے ایک گروہ نے کہا تھا: اے اہل یثرب! (آج) تمھارے لیے (لشکر کے ساتھ) کوئی قیام گاہ نہیں، لہٰذا تم لوٹ چلو، اور ان میں سے ایک گروہ نبی سے اجازت مانگ رہا تھا، وہ کہتے تھے: بے شک ہمارے گھر کھلے پڑے (غیر محفوظ) ہیں، حالانکہ وہ کھلے (غیر محفوظ) نہیں تھے، وہ تو صرف (جنگ سے) فرار چاہتے تھے⑬

13. And when a party of them said: "O people of Yathrib (Al-Madinah)! There is no stand (possible) for you (against the enemy attack!) Therefore go back!" And a band of them ask for permission of the Prophet (ﷺ) saying: "Truly, our homes lie open (to the enemy)." And they lay not open. They but wished to flee.

---

[1] (V.33:7) There are many Prophets and Messengers of Allāh. About twenty-five of them are mentioned in the Qur'ān; out of these twenty-five, only five are of strong will, namely, Muhammad ﷺ, Nūh (Noah), Ibrāhīm (Abraham), Mūsā (Moses) and 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary) عليهم السلام .

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِم مِّنْ أَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوا بِهَا إِلَّا يَسِيرًا ﴿١٤﴾

اور اگر اس (مدینہ) کے اطراف سے ان پر (کفار کے) لشکر داخل کیے جاتے، پھر ان سے فتنہ و فساد (خانہ جنگی یا شرک) کے بارے میں پوچھا جاتا تو وہ (فوراً) اس میں کود پڑتے، اور اس (شرکتِ فتنہ) میں بس تھوڑا ہی توقف کرتے ﴿١٤﴾

14. And if the enemy had entered from all sides (of the city), and they had been exhorted to *Al-Fitnah* (i.e. to renegade from Islām to polytheism), they would surely have committed it and would have hesitated thereupon but little.

وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللَّهَ مِن قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ ۚ وَكَانَ عَهْدُ اللَّهِ مَسْئُولًا ﴿١٥﴾

اور بلاشبہ اس سے پہلے انھوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ وہ پیٹھ نہیں پھیریں گے، اور اللہ کے عہد کی پوچھ گچھ تو ہونی ہے ﴿١٥﴾

15. And indeed they had already made a covenant with Allāh not to turn their backs, and a covenant with Allāh must be answered for.

قُل لَّن يَنفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِن فَرَرْتُم مِّنَ الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ وَإِذًا لَّا تُمَتَّعُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٦﴾

آپ کہہ دیجیے: اگر تم موت سے یا قتل ہونے سے بھاگو تو تمھارا بھاگنا تمھیں ہرگز نفع نہیں دے گا، اور تب تم بہت کم فائدہ اٹھاؤ گے ﴿١٦﴾

16. Say (O Muhammad ﷺ to these hypocrites who ask your permission to run away from you): "Flight will not avail you if you flee from death or killing and then you will enjoy no more than a little while!"

قُلْ مَن ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُم مِّنَ اللَّهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءًا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۚ وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٧﴾

کہہ دیجیے: کون ہے جو تمھیں اللہ سے بچا سکے اگر وہ تمھارے ساتھ کسی سختی کا ارادہ کرے یا وہ تم پر رحمت کا ارادہ کرے؟ اور وہ اللہ کے سوا اپنے لیے نہ کوئی حمایتی پائیں گے اور نہ کوئی مددگار ﴿١٧﴾

17. Say: "Who is he who can protect you from Allāh if He intends to harm you, or intends mercy on you?" And they will not find, besides Allāh, for themselves any *Walī* (protector, supporter) or any helper.

قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنكُمْ وَالْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٨﴾

بے شک اللہ انھیں جانتا ہے جو تم میں سے (جہاد میں) رکاوٹیں ڈالنے والے ہیں اور انھیں بھی جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں: ہمارے پاس آجاؤ، اور وہ جنگ میں کم ہی آتے ہیں ﴿١٨﴾

18. Allāh already knows those among you who keep back (men) from fighting in Allāh's Cause, and those who say to their brethren: "Come here towards us," while they (themselves) come not to the battle except a little,

أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٩﴾

اس حال میں کہ وہ تمھارا ساتھ دینے میں سخت بخیل ہیں، چنانچہ جب خوف (کا وقت) آئے تو آپ انھیں دیکھتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں، ان کی آنکھیں (اس طرح) گھومتی ہیں جیسے وہ شخص جس پر موت کی غشی طاری ہو، پھر جب خطرہ دور ہو جائے تو مال (غنیمت) کے انتہائی حریص بن کر تیز زبانوں کے ساتھ تمھارے بارے میں زبان درازی کرنے لگتے ہیں، یہ لوگ ایمان لائے ہی نہیں، لہٰذا اللہ نے ان کے اعمال ضائع کر دیے، اور

19. Being miserly towards you (as regards help and aid in Allāh's Cause). Then when fear comes, you will see them looking to you, their eyes revolving like (those of) one over whom hovers death; but when the fear departs, they will smite you with sharp tongues, miserly towards (spending anything in any) good (and only covetous of booty and wealth). Such have not believed. Therefore, Allāh makes their

یہ اللہ کے لیے نہایت آسان ہے (19)

deeds fruitless and that is ever easy for Allāh.

يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا ۚ وَإِنْ
يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُمْ بَادُونَ فِي
الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ أَنْبَائِكُمْ ۖ وَلَوْ
كَانُوا فِيكُمْ مَا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلًا (20)

ع 2 12 18

وہ سمجھتے ہیں کہ (ابھی تک) لشکر گئے نہیں، اور اگر یہ لشکر چڑھ آئیں تو وہ تمنا کرتے ہیں کاش! وہ صحرا نشین دیہاتیوں میں جا بسے ہوتے اور (وہاں) تمھاری خبریں دریافت کیا کرتے، اور اگر وہ تم میں موجود ہوتے تو وہ (دشمن سے) لڑائی میں کم ہی حصہ لیتے (20)

20. They think that *Al-Ahzāb* (the Confederates) have not yet withdrawn; and if *Al-Ahzāb* (the Confederates) should come (again), they would wish they were in the deserts (wandering) among the bedouins, seeking news about you (from a far place); and if they (happen) to be among you, they would not fight but little.

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ
حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ
الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا (21)

یقیناً تمھارے لیے رسول اللہ (کی ذات) میں بہترین نمونہ ہے، ہر اس شخص کے لیے جو اللہ (سے ملاقات) اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہے، اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرتا ہے (21)

21. Indeed in the Messenger of Allāh (Muhammad ﷺ) you have a good example to follow for him who hopes for (the Meeting with) Allāh and the Last Day, and remembers Allāh much.

وَلَمَّا رَأَى الْمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ ۙ قَالُوا هَٰذَا
مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللَّهُ
وَرَسُولُهُ ۚ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا
وَتَسْلِيمًا (22)

اور مومنوں نے جب لشکر دیکھے تو کہا: یہ تو وہی ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا، اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا، اور اس (چیز) نے ان کے ایمان اور فرماں برداری کو اور زیادہ کر دیا (22)

22. And when the believers saw *Al-Ahzāb* (the Confederates), they said: "This is what Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ) had promised us; and Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ) had spoken the truth." And it only added to their Faith and to their submissiveness (to Allāh).

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا
عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ ۖ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَىٰ
نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوا

مومنوں میں سے کچھ وہ لوگ بھی ہیں جنھوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا وہ سچ کر دکھایا،① چنانچہ ان میں سے بعض نے اپنا عہد پورا کیا (شہادت پا گئے)، اور

23. Among the believers are men who have been true to their covenant with Allāh [i.e. they have gone out for *Jihād* and

---

① یہ آیت ان بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں نازل ہوئی ہے جنھوں نے غزوۂ اُحد میں جاں نثاری کے عجیب و غریب جوہر دکھائے تھے اور انھی میں وہ صحابہ رضی اللہ عنہم بھی شامل ہیں جو جنگ بدر میں شریک نہ ہو سکے تھے لیکن انھوں نے عہد کر رکھا تھا کہ اب آئندہ کوئی معرکہ پیش آیا تو جہاد میں بھرپور حصہ لیں گے۔ جیسے حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کے چچا حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر میں شریک نہ تھے انھوں نے اللہ کے رسول ﷺ سے عرض کیا: میں مشرکین کے خلاف پہلی جنگ میں شامل نہ تھا اگر اللہ نے مجھے مشرکین کے خلاف جہاد کا موقع دیا تو یقیناً اللہ دیکھے گا کہ میں کس جانبازی سے لڑتا ہوں۔ پھر جب غزوۂ اُحد کے دن مسلمان (سراسیمہ ہو کر) بکھر گئے تو انھوں نے کہا: اے اللہ! جو مسلمانوں نے کیا میں اس سے تو معذرت کرتا ہوں اور مشرکین نے جو کیا اس سے بیزار ہوں۔ پھر وہ آگے بڑھے تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اے سعد بن معاذ! جنت ہی کی خواہش ہے۔ رب کی قسم! اُحد (پہاڑ) کی جانب سے مجھے جنت کی خوشبو آ رہی ہے۔ بعد میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے کہا: یا رسول اللہ! میں اَنس کی طرح جانبازی کی استطاعت نہیں رکھتا۔ ان کے جسم پر تلواروں اور نیزوں کے اَسّی (80) سے زیادہ زخم پائے گئے ان کی لاش اس قدر بری طرح مسخ حالت میں ملی کہ صرف ان کی بہن ہی انگلیوں کے پوروں کے ذریعے سے ان کی شناخت کر سکیں۔ ہم سمجھتے تھے کہ قرآن کی یہ آیت ان کے بارے میں یا انھی کی طرح کے افراد کے بارے میں نازل ہوئی ہے: ''مومنوں میں وہ مرد بھی ہیں جنھوں نے جو عہد اللہ تعالیٰ سے کیے تھے انھیں سچا کر دکھایا۔'' (23:33) انھی حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے کہ ان کی بہن [رُبَيِّعُ بِنْتِ نَضْر رضی اللہ عنہا] نے ایک عورت کے سامنے کا دانت توڑ دیا۔ جس پر نبی ﷺ نے قصاص کا حکم دیا۔ اس موقع پر حضرت اَنس بن نضر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا! میری بہن کا دانت نہیں توڑا جائے گا۔ اور پھر اس عورت کے وارث قصاص معاف کر کے دیت پر راضی ہو گئے۔ نبی ﷺ نے اس پر فرمایا: ''اللہ کے بندوں میں سے کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ وہ اللہ (کے بھروسے) پر کوئی قسم کھا بیٹھیں تو اللہ اُن کو سچا کر دیتا ہے۔'' (صحیح البخاری، اَلْجِهَادُ وَالسِّيَر، باب: 12 حدیث: 2805، 2806)

showed not their backs to the disbelievers]; of them some have fulfilled their obligations (i.e. have been martyred); and some of them are still waiting, but they have never changed (i.e. they never proved treacherous to their covenant which they concluded with Allāh) in the least.[1]

ان میں سے بعض منتظر ہیں، اور انھوں نے (عہد میں) کوئی تبدیلی نہیں کی ﴿٢٣﴾

تَبْدِيلًا ﴿٢٣﴾

24. That Allāh may reward the men of truth for their truth (i.e. for their patience at the accomplishment of that which they covenanted with Allāh), and punish the hypocrites, if He wills, or accept their repentance by turning to them (in Mercy). Verily, Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.

تاکہ اللہ سچوں کو ان کی سچائی کی جزا دے اور منافقوں کو اگر چاہے تو عذاب دے یا ان کی توبہ قبول فرمائے، یقیناً اللہ بہت مغفرت والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿٢٤﴾

لِّيَجْزِيَ اللَّهُ الصَّادِقِينَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِن شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٤﴾

25. And Allāh drove back those who disbelieved in their rage, they gained no advantage (booty). Allāh sufficed for the believers in the fighting (by sending against the disbelievers a severe wind and troops of angels). And Allāh is Ever All-Strong, All-Mighty.

اور (غزوۂ احزاب میں) اللہ نے کافروں کو ان کے (ناکامی کے) غصے میں لوٹا دیا، وہ کوئی خیر و بھلائی نہ پاسکے، اور (اس) لڑائی میں اللہ مومنوں کے لیے کافی ہوگیا، اور اللہ بڑی قوت والا، نہایت غالب ہے ﴿٢٥﴾

وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا ۚ وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ ۚ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا ﴿٢٥﴾

26. And those of the people of the Scripture who backed them (the disbelievers), Allāh brought them down from their forts and cast terror into their hearts, (so that) a group (of them) you

اور اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے کافروں کی مدد کی تھی انھیں اللہ نے ان کے قلعوں سے اتارا اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا، تم ان (بنو قریظہ) کے ایک گروہ کو قتل کر رہے تھے اور دوسرے گروہ کو قیدی بنا رہے تھے ﴿٢٦﴾

وَأَنزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقًا تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقًا ﴿٢٦﴾

---

[1] (V.33:23) Narrated Anas رضي الله عنه: My uncle Anas bin An-Nadr was absent from the battle of Badr. He said, "O Allāh's Messenger (ﷺ)! I was absent from the first battle you fought against the pagans. (By Allāh) if Allāh gives me a chance to fight the pagans, no doubt, Allāh will see how (bravely) I will fight." On the day of Uhud when the Muslims turned their backs and fled, he said, "O Allāh! I apologise to You for what these (i.e. his companions) have done, and I denounce what these (i.e. the pagans) have done." Then he advanced and Sa'd bin Mu'ādh met him. He said "O Sa'd bin Mu'ādh! By the Lord of An-Nadr, Paradise! I am smelling its aroma coming from before (the mountain of) Uhud," Later on, Sa'd said, "O Allāh's Messenger! I cannot achieve or do what he (i.e. Anas bin An-Nadr) did. We found more than eighty wounds by swords and arrows on his body. We found him dead and his body was mutilated so badly that none except his sister could recognise him by his fingers." We used to think that the following Verse was revealed concerning him and other men of his sort: "Among the believers are men who have been true to their covenant with Allāh." (V.33:23) [*Sahih Al-Bukhari*, 4/2805 (O.P. 61)]

His sister Ar-Rubaiyi' broke a front tooth of a woman and Allāh's Messenger ﷺ ordered for retaliation. On that Anas (bin An-Nadr) said, "O Allāh's Messenger! By Him Who has sent you with the truth, my sister's tooth shall not be broken, then the opponents of Anas' sister accepted the compensation and gave up the claim of retaliation. So Allāh's Messenger ﷺ said, "There are some people amongst Allāh's slaves whose oaths are fulfilled by Allāh when they take them." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/2805-2806 (O.P.61)]

killed, and a group (of them) you made captives.

وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوهَا ۚ وَكَانَ ٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرًا ﴿٢٧﴾ ع 3/7 19

اور اللہ نے تمھیں ان کی زمینوں، ان کے گھروں، ان کے مالوں اور اس زمین کا وارث بنا دیا جسے تم نے پامال نہیں کیا تھا، اور اللہ ہر شے پر خوب قادر ہے ﴿27﴾

27. And He caused you to inherit their lands, and their houses, and their riches, and a land which you had not trodden (before). And Allāh is Able to do all things.

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِىُّ قُل لِّأَزْوَٰجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴿٢٨﴾

اے نبی! اپنی بیویوں سے کہہ دیجیے: اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ میں تمھیں کچھ (دنیوی) فائدہ دوں اور تمھیں اچھے طریقے سے رخصت کر دوں ① ﴿28﴾

28. O Prophet (Muhammad ﷺ)! Say to your wives: "If you desire the life of this world, and its glitter, then come! I will make a provision for you and set you free in a handsome manner (divorce).[1]

وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَٱلدَّارَ ٱلْـَٔاخِرَةَ فَإِنَّ ٱللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَـٰتِ مِنكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٢٩﴾

اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہو، تو اللہ نے تم میں سے نیک کام کرنے والیوں کے لیے بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے ﴿29﴾

29. "But if you desire Allāh and His Messenger (ﷺ), and the Home of the Hereafter, then verily, Allāh has prepared for *Al-Muhsinät* (good-doers) amongst you an enormous reward."

يَـٰنِسَآءَ ٱلنَّبِىِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَـٰحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَـٰعَفْ لَهَا ٱلْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾

اے نبی کی بیویو! تم میں سے جو کوئی کھلی بے حیائی کا ارتکاب کرے، اسے دوہرا عذاب دیا جائے گا، اور اللہ کے لیے یہ نہایت آسان ہے ﴿30﴾

30. O wives of the Prophet! Whoever of you commits an open *Fahishah* (a great sin or illegal sexual intercourse), the torment for her will be doubled, and that is ever easy for Allāh.

---

[1] (V.33:28)
a) Narrated 'Āishah رضي الله عنها, the wife of the Prophet ﷺ: When Allāh's Messenger ﷺ was ordered to give option to his wives, he started with me, saying, "I am going to mention to you something, but you shall not hasten (to give your reply) unless you consult your parents." The Prophet ﷺ knew that my parents would not order me to leave him. Then he said, "Allāh says: 'O Prophet (Muhammad ﷺ)! Say to your wives: If you desire the life of this world and its glitter ... an enormous reward.'" (V.33:28, 29) I said, "Then why consult I my parents? Verily, I desire Allāh, His Messenger and the Home of the Hereafter." Then all the other wives of the Prophet did the same as I did. [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4786 (O.P.309)]
b) Narrated 'Āishah رضي الله عنها: Allāh's Messenger ﷺ gave us the option (to remain with him or to be divorced) and we chose Allāh and His Messenger. So, giving us that option was not regarded as divorce.
[*Sahih Al-Bukhari*, 7/5262 (O.P.188)]

① یہ اشارہ ہے اس واقعے کی طرف کہ جب ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن نے نبی ﷺ سے نان ونفقے میں کچھ اضافے کا مطالبہ کیا جسے آپ ﷺ نے ناپسند فرمایا اور وقتی طور پر ان سے علیحدگی اختیار فرمالی۔ جس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں، ان میں اللہ نے آپ کو یہ اختیار عنایت فرمایا کہ آپ جن بیویوں کو چاہیں طلاق دے کر علیحدہ کر دیں، چنانچہ آپ نے اختیار دیا کہ جو علیحدہ ہونا چاہے وہ طلاق لے سکتی ہے۔ جیسا کہ اُمّ المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، جب رسول اللہ ﷺ کو حکم ہوا کہ اپنی بیویوں کو اختیار دے دیں تو آپ ﷺ نے پہلے مجھ سے پوچھا، نبی ﷺ نے فرمایا: "میں تم سے ایک بات کہتا ہوں لیکن تم جواب دینے میں جلدی نہ کرنا جب تک کہ اپنے والدین سے مشورہ نہ کر لو۔" آپ ﷺ کو علم تھا کہ میرے ماں باپ مجھے آپ ﷺ سے جدا ہونے کا مشورہ نہیں دیں گے۔ پھر آپ ﷺ نے یہی آیات (29،28) تلاوت فرمائیں۔ میں نے کہا: بھلا میں اپنے والدین سے کیا رائے لوں گی؟ میں اللہ، اس کا رسول اور آخرت کا گھر چاہتی ہوں۔ پھر نبی ﷺ کی باقی سب ازواج نے بھی ایسا ہی کیا جو میں نے کیا۔ (صحيح البخاري، التفسير، باب: 5 حديث: 4786)
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اختیار دیا تھا (کہ آپ کے ساتھ رہیں یا طلاق لے لیں) اور ہم نے اللہ اور اس کے رسول کا انتخاب کیا، لہٰذا دیے جانے والے اس اختیار کو طلاق نہیں سمجھا گیا۔ (صحيح البخاري، الطلاق، باب: 5 حديث: 5262)